★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 357 بروز منگل 22 ستمبر 2026ء، 9 ربیع الثانی 1448ھ......قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

مشرقی بائی پاس کے قریب نامعلوم مسلح افراد شہری سے اسلحے کے زور پر موٹر سائیکل چھین کر فرار

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس، ٹی بی سی کالونی کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے محمد اسلم نامی شہری سے اسلحے کے زور پر موٹر سائیکل چھین لی اور فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے ہنڈا سی ڈی 70 موٹر سائیکل چھینی، جس کا رجسٹریشن نمبر MAW-0020 اور انجن نمبر V648877 ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کا مقدمہ شہید منظور پولیس تھانے میں درج کرلیا گیا ہے، جبکہ ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

خضدار اور ملحقہ علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے خضدار اور ملحقہ علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس سے لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے زلزلہ پیماں مرکز کے مطابق زلزلے کی ریکٹر اسکیل پر شدت 4.5 ریکارڈ کی گئی اور زلزلے کی گہرائی 30 کلومیٹر اور زلزلے کا مرکز خضدار سے 45 کلومیٹر مشرق میں تھا زلزلے سے کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

عالمی برادری جنگ کے بجائے مذاکرات کے ذریعے تنازعات کے حل کی راہ اختیار کرے، بلاول بھٹو

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عالمی یوم امن کے موقع پر کہا ہے کہ عالمی برادری پرامن دنیا کی بنیاد مکالمے، سفارت کاری، انصاف اور ریاستوں کی خودمختاری کے احترام پر رکھے، (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

بلوچستان کی وسیع و عریض ساحلی پٹی میں مستقبل کی بڑی معاشی و تجارتی صلاحیت موجود ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہماری اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے طلبہ یہ محسوس کریں کہ ان کی صلاحیت، ان کا علم اور ان کا مستقبل اسی سرزمین پر قدر و منزلت رکھتا ہے۔ ہماری بھرپور کوشش ہے کہ ہمارے نوجو (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

جوانوں کا جذبہ دیدنی، ہم سب مل کر دہشت گردی کے ناسور کو ختم کرکے دم لیں گے، عطاء اللہ تارڑ

کوہاٹ (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ آج کوہاٹ کی فضاء سوگوار ہے، دھرتی کے بہادر جوانوں نے ملکی دفاع کے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، سی ایم ایچ کوہاٹ میں زیر علاج زخمی جوانوں کا جذبہ دیدنی ہے، دہشت گردی کے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

خیبر پختونخوا حکومت صوبے کے عوام کو اپنے ساڑھے بارہ سالہ دور اقتدار کی کارکردگی پر جواب دے، دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، میڈیا سے گفتگو

مسلح جتھے کو اسلام آباد پر یلغار کی اجازت نہیں دینگے، عطاء اللہ تارڑ

پی ٹی آئی بتائے کونسا پرامن احتجاج رہا، جنید اکبر بیان پر معافی مانگے پی ٹی آئی صوبے پر ساڑھے بارہ سالہ حکومت کے دور میں کیے جانے والے کاموں کا عوام کو جواب دے، وفاقی وزیر اطلاعات

کوہاٹ (آن لائن) وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مسلح جتھے کو اسلام آباد پر یلغار کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، پی ٹی آئی بتائے ان کا پرامن احتجاج کب اور کونسا رہا۔ خیبر پختونخوا حکومت صوبے کے عوام کو اپنے ساڑھے بارہ سالہ دور اقتدار کی کارکردگی پر جواب دے۔ دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ کوہاٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج یہاں کی فضا سوگوار ہے۔ دھرتی کے بہادر جوانوں نے جان کا نذرانہ پیش کرکے ملک کے بچوں کو یتیم ہونے سے بچایا۔ سی ایم ایچ میں زیر علاج زخمی جوان کا جذبہ دیدنی تھا۔ شہداء کے لواحقین کے صبر اور جذبہ بھی لائق تحسین ہے۔ شہید فہیم کے والد کا کہنا تھا کہ انکو اپنے بیٹے پر فخر ہے کہ اس (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

لانگ مارچ کی صورت میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے احکامات پر من و عن عمل ہوگا اور جو بھی قانونی راستہ ہوگا استعمال کیا جائے گا، وفاقی وزیر محسن نقوی کی پریس کانفرنس

خطے اور عالمی منڈی کی صورتحال کے باعث قیمتوں پر اثر پڑ رہا ہے، دنیا میں پیٹرولیم مصنوعات کی قلت پیدا ہورہی ہے تاہم پاکستان میں سپلائی برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے

اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوشش کی تو سخت نتائج کا سامنا ہوگا، محسن نقوی

خیبر پختونخوا میں شہدا کے جنازوں میں صوبائی حکومت کا کوئی رکن شریک نہیں ہوا، یہ بے حسی ہے سیاسی اختلافات جتنے مرضی ہوں، انہیں اس انتہا تک نہیں لے جانا چاہیے، صوبے کی صورتحال پورا پاکستان دیکھ رہا ہے

لاہور (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے دوٹوک الفاظ میں انتباہ کیا ہے کہ اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوشش کی تو سخت نتائج کا سامنا کرنا ہوگا خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی کی صورتحال سب کے سامنے ہے، گزشتہ چند روز میں دہشتگردی کے واقعات میں کیپٹن، جوان اور پولیس اہلکار شہید ہوئے، جو پاکستان کے شہدا ہیں اور سب کو ان کے جنازوں میں شرکت کرنی چاہیے۔ لاہور میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں شہداء کے جنازوں (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر ان کے لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، بلاول بھٹو

پراکسی دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے افغانستان سے منسلک سرحدی علاقوں میں بھارتی پراکسی دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کوہاٹ، ہنگو اور ٹل کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران 37 دہشتگردوں کی ہلاکت کو سیکیورٹی فو (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے گھر آمد انتقال پر لواحقین سے تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیر کے روز سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے گھر گئے اور ان کے انتقال پر لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کی مغفرت، درجات کی بلندی اور سوگوار خاندان (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیب میں شکایات مندرجہ ذیل طریقہ سے جمع کروائی جاسکتی ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں۔ اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 24 ستمبر 2026 بروز (جمعرات) (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

کوئٹہ شہر میں تجاوزات کے خاتمے کیلئے کارروائیوں کا سلسلہ جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن کے مطابق اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی خصوصی ہدایت پر شہر میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں سورج گنج بازار اور سرکلر روڈ پر میٹروپولیٹن (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

کاروباری و معاشی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے کاروبار میں آسانی ہمارا مشن ہے، بلال کاکڑ

سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو سازگار ماحول، ضروری سہولیات اور ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائیگا

کاروباری برادری کی تجاویز اور مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر متعلقہ اداروں تک پہنچایا جائے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں کاروباری و معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے کاروبار میں آسانی (Ease of Doing Business) ہمارا مشن ہے۔ سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو سازگار ماحول، ضروری سہولیات اور ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ اپنے دفتر (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

کوئٹہ، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے وائس چانسلر تربت یونیورسٹی ڈاکٹر گل حسن ملاقات کر رہے ہیں

آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، میر سرفراز بگٹی

قوم کو اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز پر فخر ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سیکیورٹی فورسز نے کارروائی جس کے نتیجے میں چار دہشت گرد ہلاک ہوئے

دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، ریاست دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پنجگور کے علاقے ایچان کوہ، پروم میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔ پنجگور کے علاقے ایچان کوہ، پروم میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سیکیورٹی فورسز نے کارروائی جس کے نتیجے میں چار دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

اسلام آباد: جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پنجگور میں فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے 4 دہشت گرد مارے گئے، اسلحہ و گولہ بارود برآمد

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 4 دہشتگرد ہلاک، 58 افغان باشندے گرفتار

دشت میرانی میں خواتین اور بچوں سمیت 58 غیر قانونی افغان باشندے حراست میں لئے گئے، سیکیورٹی حکام

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی دہشت گردی اور غیر قانونی نقل و حرکت کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پنجگور کے علاقے ایچان کوہ، پروم میں کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 4 دہشت (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لشکری کو محکمہ صحت کی جانب سے عوام کو فراہم کردہ طبی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے

پاکستان کا افغانستان میں آپریشن، ٹی ٹی پی کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا

سرحد پار دراندازی روکنا اور پاکستان میں ممکنہ حملوں کا سدباب کرنا تھا، سیکیورٹی ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے پاک افغان سرحد سے ملحقہ علاقوں میں تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، جہاں دہشتگرد پاکستان میں دراندازی اور حملوں کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان نے 20 اور 21 ستمبر کی (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

کوہاٹ پولیس لائن مسجد دھماکے کے

مزید 2 زخمی دم توڑ گئے، شہداء کی تعداد 25 ہوگئی

کوہاٹ (آن لائن) پولیس لائن مسجد میں ہونے والے دھماکے کے مزید دو زخمی ہسپتال میں دم توڑ گئے، جس کے بعد شہید ہونے والوں کی تعداد 25 ہوگئی۔ پولیس کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

پرائیویٹ حج اسکیم، 17 ہزار سے زائد عازمین کی بکنگ مکمل

بکنگ اور ادائیگی صرف پاک حج ایپ کے ذریعے کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) پرائیویٹ حج اسکیم کے تحت پاک حج ایپ کے ذریعے 17 ہزار سے زائد عازمین حج اپنی بکنگ مکمل کرچکے ہیں۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق نیشنل آئی ٹی بورڈ کے ڈیجیٹل حج پورٹل کے ذریعے مجاز حج کمپنیوں کے اکاؤنٹس میں 14 (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کا بجلی بندش کے شیڈول کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنو (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

انتشار سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہوتا ہے، پی ٹی آئی کا ایک چھوٹا گروہ سڑکوں پر دینگا مشتی کرنا چاہتا ہے، وفاقی وزیر

پاکستان کے مستقبل کیساتھ کسی کو کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، احسن اقبال

اسلام آباد کو سومنات بنانے کی سازش قوم مسترد کردے گی، پی ٹی آئی کے انتشاری ٹولے کی سیاست ہی سومنات بنے گی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی و اصلاحات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

مدارس و مساجد اسلام کے علمی، فکری اور تہذیبی قلعے ہیں: مولانا عبدالواسع

آزادی تدریس، دینی تشخص، انتظامی خودمختاری اور آئینی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ مدارس و مساجد اسلام کے علمی فکری (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

وزیراعظم شہباز شریف پانچ روزہ سرکاری دورے پر امریکہ روانہ

جنرل اسمبلی میں ملک کی نمائندگی کریں گے، 25 ستمبر کو جنرل اسمبلی سے خطاب کریں

اسلام آباد، واشنگٹن (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف پانچ روزہ سرکاری دورے پر امریکہ روانہ ہوگئے۔ جہاں وہ 25 ستمبر کو جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ پاکستانی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

ممتاز ٹرانسپورٹرز حاجی سلطان پانیزئی روڈ حادثے میں شہید

کوئٹہ (آن لائن) ممتاز ٹرانسپورٹر حاجی سلطان پانیزئی روڈ حادثے میں شہید ہوگئے۔ وہ پشتونخوا میپ ضلع کوئٹہ کے ایگزیکٹیو علی محمد پانیزئی کے داماد، حاجی باقی جان پانیزئی کے بھائی تھے۔ نماز جنازہ صبح 10 بجے کلی حاجی فیضو تھمن میں ہوگی اور فاتحہ خوانی وہی کی جائیگی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

افغانستان اور بھارت کے ساتھ سرحدیں بند کردی گئی ہیں، چین کا اعتماد کھو چکا ہے اور ملک ایک محصور ریاست بن کر رہ گیا ہے

ملک بارود کے ڈھیر پر پہنچ چکا ہے جبکہ حکمرانوں کو سیر و سیاحت سے فرصت نہیں، مولانا فضل الرحمان

ہم اس حکومت کو اسٹیبلشمنٹ کی نمائندہ سمجھتے ہیں، اس لیے بات چیت ممکن نہیں، اگر نمائندہ حکومت ہو تو بات چیت ہوسکتی ہے

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت عوام کی نہیں بلکہ اسٹیبلشمنٹ کی نمائندگی کررہی ہے۔ ملک بارود کے ڈھیر پر پہنچ چکا ہے جبکہ حکمرانوں کو سیر و سیاحت سے فرصت نہیں۔ پرامن احتجاج ہر سیاسی جماعت کا حق ہے۔ سوموار کو جمعیت علمائے اسلام (ف) کی جنرل کونسل کے دو روزہ اجلاس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

محکمہ صحت بلوچستان اور یونیورسٹی آف اوسلو کے درمیان

ڈیجیٹل ہیلتھ کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ صحت، حکومت بلوچستان اور ناروے کی ممتاز یونیورسٹی آف اوسلو کے HISP سینٹر کے درمیان بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ نظام کو مزید مستحکم بنانے، (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

باقاعدہ سرپرستی، اسپانسر شپ اور ضروری سہولیات فراہم کی جائیں گی، نعیم زرکون

ٹیم ورک اور ڈاکٹرز کے درمیان مثبت ماحول کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون نے کہا ہے کہ کھیل نہ صرف جسمانی صحت بلکہ ذہنی تازگی، باہمی روابط، ٹیم ورک اور ڈاکٹرز کے درمیان مثبت ماحول کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں نوجوان ڈاکٹرز کی جانب سے منعقدہ کھیلوں کی یہ سرگرمی ایک بہترین، صحت مندانہ اور قابل تحسین اقدام ہے یہ بات انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

یکم جنوری 2006 کے بعد سے رجسٹرڈ موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور
چھوٹی گاڑیاں خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کے لیے
ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کے لیے
ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر رعایت

مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

REG لکھ کر space دیں

STEP 01 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں

STEP 02 بغیر space نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں

STEP 03 صوبے کے نام کا پہلا حرف
جہاں آپ کی گاڑی رجسٹر ہے
صوبے کا نام پنجاب P کے بعد space دیں

STEP 04 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ
بمعہ، مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010

چاروں تفصیلات اسپیس کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر
9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:

STEP 01 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں

STEP 02 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی

STEP 03 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کرسکتے ہیں

صوبے کے نام کا پہلا حرف
I اسلام آباد
P پنجاب
K خیبر پختونخوا
G گلگت بلتستان
S سندھ
B بلوچستان
A آزاد جموں و کشمیر

مزید معلومات کے لیے
www.pmfuelrelief.pk

وزارت اطلاعات ونشریات
حکومت پاکستان

URAAN PAKISTAN

/GovtofPakistan | @govtofpakistan | @GovtofPakistan | @govtofpk | www.moib.gov.pk

PID (I) 2713-D/26

روزنامہ
تعمیر وطن
ABC CERTIFIED
TAMEER-E-WATAN

کاروباری و معاشی سرگرمیوں کا فروغ

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں کاروباری و معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے کاروبار میں آسانی (Ease of Doing Business) ہمارا مشن ہے۔ سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو سازگار ماحول، ضروری سہولیات اور ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ اپنے دفتر میں کاروباری شخصیات کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع سے مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کار بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ سرمایہ کاروں کو مختلف شعبوں میں رہنمائی، سہولت کاری اور ضروری معاونت فراہم کر رہا ہے تاکہ سرمایہ کاری کے عمل کو آسان، شفاف اور مؤثر بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر رابطہ صوبے کی معاشی ترقی کے لیے نہایت اہم ہے، جبکہ کاروباری برادری کی تجاویز اور مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر متعلقہ اداروں تک پہنچایا جائے

بقیہ 01

نے دھرتی کے لیے لہو کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے پیغام دیا ہے کہ ہم سب مل کر دہشتگردی کے ناسور کا خاتمہ کریں گے۔ اور دہشتگردی کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا فیلڈ مارشل کی قیادت میں پاک فوج جو دہشتگردی کے خاتمے کے لیے کوشاں ہے یہ کوششیں ضرور رنگ لائیں گی اور اس لعنت کا خاتمہ ہو کر رہے گا۔ انہوں نے خیبر پختونخوا حکومت کی کارکردگی پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کوہاٹ میں دہشتگردی کا افسوسناک سانحہ پیش آیا تو وزیراعلی کے پی کے ہیلی کاپٹر پر پندرہ منٹ کا چکر لگا کر چلے گئے۔ انھیں اس وقت شہدا کے لواحقین کے پاس موجود ہونا چاہیے تھا انھیں گلے لگانا چاہیے تھا۔ یہ بتائیں لاینڈ آرڈر کا فنڈ جو کے پی کے کو ملتا ہے وہ کہاں جاتا ہے یہاں پولیس کو فرانزک لیب تک کی سہولت موجود نہیں۔ کروڑوں روپے یہ ہڑپ کر جاتے ہیں اور صوبے کی فلاح کے لئے کچھ نہیں کرتے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ جنید اکبر نے اسلام آباد کو سومنات بنانے کا بیان دیا اس پر معافی مانگیں، اللہ سے ڈریں ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی کوششیں ترک کریں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی صوبے پر ساڑھے بارہ سالہ حکومت کے دور میں کیے جانے والے کاموں کا عوام کو جواب دے۔ انہوں نے کتنے سکول، ہسپتال، سڑکیں بنائیں۔ یہ صرف سوشل میڈیا پر پوسٹیں اچھی لگا سکتے ہیں۔ ان سے کہتے ہیں ہم تعمیر و ترقی کرتے رہیں گے آپ تباہی کے راستے پر گامزن رہیں۔ ان کے پاس فنڈز بھی موجود ہیں وسائل بھی موجود ہیں بس کمی انکی نیت کی ہے۔ انکو مینڈیٹ ملا ہے کہ بس تمام تر دھیان اپنے لیڈر کو آزاد کرانے پر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ انکو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ اپنے لیڈر کی رہائی کیلئے قانونی طریقہ ہے اس کے لئے عدالتوں میں جائیں سڑکوں پر نہیں دھرنوں سے کوئی رہا نہیں ہوتا۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کسی کو اسلام آباد کی طرف نہیں آنے دیں گے۔ یلغار کی کوشش کی تو نتائج کے ذمہ دار خود ہوں گے۔ دھرنوں کے بجائے اپنے صوبے کے عوام کی خدمت کریں نہیں تو ایک وقت آئے گا کے پی کے لوگ اپ کا گریبان پکڑیں۔ لوگ پوچھیں گے کہ انکی فلاح کے لئے ملنے والے فنڈز کہاں لگائے۔ یہ کہتے ہیں تعمیر و ترقی ہمارا کام نہیں۔ لیکن ہم اب انکی نیت اور طبیعت دونوں ہی ٹھیک کریں گے۔ ان سے اگر کچھ نہیں ہوتا تو کرسی سے اتر کیوں نہیں جاتے۔ انہوں نے شہدا اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ انشاءاللہ دہشتگردی کا خاتمہ ہوگا۔

بقیہ 02

جڑ سے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، کوہاٹ افسوسناک واقعہ کے وقت وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کہاں تھے؟ یہاں ورکرز سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ آج کوہاٹ کی فضاء سوگوار ہے، دھرتی کے بہادر جوانوں نے ملکی دفاع کے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، سی ایم ایچ کوہاٹ میں زیرعلاج زخمی جوانوں کا جذبہ دیدنی ہے، فوج اور پولیس کے جوانوں اور افسران نے بہادری سے آپریشن میں حصہ لیا، ہم سب مل کر دہشت گردی کے ناسور کو ختم کر کے دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بزدل دہشت گرد چھپ کر وار کر رہے ہیں، شہید فہیم کے والد کا کہنا ہے کہ بیٹے کی شہادت قابل فخر ہے، دہشت گرد اس قوم کے جذبے کو کم نہیں کر سکتے، دہشت گردی کے جڑ سے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، کوہاٹ افسوسناک واقعہ کے وقت وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کہاں تھے؟ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے لئے لاہور کی سڑکوں پر موجود تھے، ان کے پاس انتشار کی سیاست کا وقت ہے، اپنے صوبے کے عوام کیلئے وقت نہیں، سہیل آفریدی نے 15 منٹ ہیلی کاپٹر پر چکر لگایا اور چلے گئے، تعلیم، صحت اور عوام کی فلاح وبہبود کے لئے آپ نے کیا کیا ہے؟، عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت صرف سوشل میڈیا پر پوسٹیں لگانا جانتی ہے، صوبے میں پولیس کی سہولت کے لئے فرانزک لیب تک موجود نہیں، امن پسند لوگوں کو ٹھیکے دے کر پیسے وصول کیے جاتے ہیں، صوبے میں کرپشن کے نئے ریکارڈ قائم کیے جا رہے ہیں، اسلام آباد کو بند کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی، مسلح جتھے کو اسلام آباد کی طرف آنے نہیں دیا جائے گا، پی ٹی آئی والے بھی پرامن نہیں رہے، پرامن احتجاج ان لوگوں کی روایت نہیں ہے، پرامن لوگ گھروں سے نکل کر ڈنڈے لے کر نہیں نکلتے، پی ٹی آئی والوں سے حساب لیا جائے گا، فنڈز کے بہانوں کے پیچھے انہیں چھپنے نہیں دیں گے، وزیر اطلاعات نے کہا کہ کوہاٹ میں ٹنل اور موٹر وے جیسے منصوبے محمد نواز شریف نے بنائے، خیبر پختونخوا میں جنگلات کاٹے جا رہے ہیں، جعلی سگریٹس کی فیکٹریاں پکڑی گئی ہیں، خیبر پختونخوا میں گولڈ مائننگ کے ٹھیکے کن لوگوں کو دیے گئے؟ صوبے کا ترقیاتی فنڈ کہاں خرچ ہو رہا ہے، کسی کو پتہ نہیں۔

بقیہ 03

ان نہ صرف اپنے مستقبل کو بہتر بنائیں بلکہ ملک و قوم کے مستقبل کی تعمیر میں بھی اپنا کردار ادا کریں۔ اس ضمن میں وائس چانسلر محض کسی اعلیٰ تعلیمی ادارے کا سربراہ ہی نہیں ہوتا بلکہ وہ نوجوان نسل کے مستقبل، جدید ریسرچ کے فروغ اور معاشرے کی فکری سمت کے تعین میں بھی کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ ہماری مشترکہ کاوشوں سے تمام سرکاری یونیورسٹیوں کو معیار اور مقدار کے اعتبار سے بلند تر مقام تک پہنچانے میں ہم کامیاب ہوئے ہیں جو سب کیلئے باعث فخر و مسرت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں گورنر ہاؤس کوئٹہ میں گوادر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رزاق صابر اور تربت یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کی وسیع و عریض ساحلی پٹی میں مستقبل کی ایک بڑی معاشی و تجارتی صلاحیت موجود ہے۔ گوادر اور تربت صرف جغرافیائی اہمیت نہیں رکھتے بلکہ بلیو اکانومی، میری ٹائم ٹریڈ، ماہی گیری، کوسٹل مینجمنٹ اور سمندری وسائل کے حوالے سے بھی غیر معمولی امکانات رکھتے ہیں۔ اس روشن مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے گوادر یونیورسٹی اور تربت یونیورسٹی دونوں کے کندھوں پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں کہ وہ اپنے تعلیمی پروگرامز اور تحقیقی ترجیحات کو اپنی مقامی معاشی ضروریات سے ہم آہنگ کریں اور یونیورسٹی طلباء و طالبات کو بلیو اکانومی، کوسٹل بیلٹ مینجمنٹ، میرین سائنسز اور فشریز کی تجارت سمیت جدید شعبوں کیلئے تیار کریں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ آج کی دنیا میں قدرتی وسائل سے زیادہ اہم انسانی وسائل ہیں۔ اگر ہمارے نوجوان معیاری تعلیم، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور جدید مہارتوں سے لیس ہوں تو بلوچستان کے وسائل بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار، کاروبار اور خوشحالی کے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ میری اولین ترجیح کوالٹی ایجوکیشن کا فروغ ہے۔ اس خواب کو حقیقت میں بدلنے کیلئے تمام وائس چانسلرز صاحبان اور دیگر متعلقہ ذمہ داران کا بھرپور تعاون اشد ضروری ہے۔

بقیہ 04

دنیا کے مختلف خطوں میں جاری تنازعات نے ثابت کر دیا ہے کہ عسکری محاذ آرائی سیاسی تنازعات کا پائیدار حل نہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عالمی برادری جنگ کے بجائے مذاکرات کے ذریعے تنازعات کے حل کی راہ اختیار کرے۔ پاکستان نے ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات کی راہ ہموار کر کے امن کے عزم کا عملی مظاہرہ کیا، جبکہ ایران اور امریکہ کے درمیان اسلام آباد مفاہمتی یادداشت نے ثابت کیا کہ جنگ سے مکالمہ بہتر اور تنازع سے سفارت کاری زیادہ طاقتور ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خود جنگ، دہشت گردی اور علاقائی عدم استحکام کے باعث بے شمار نقصانات اٹھا چکا ہے اور تنازعات کی تباہ کن انسانی و معاشی قیمت کو بخوبی سمجھتا ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان رابطے میں سہولت کاری تنازعات کے پرامن حل کی حمایت کی پاکستان کی مستقل پالیسی کا مظہر ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے لیے مسئلہ کشمیر، پانی اور دہشت گردی سمیت تمام تصفیہ طلب مسائل مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے حل کیے جانے چاہئیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے مشرق وسطیٰ میں شہری آبادی کو درپیش مسلسل مشکلات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خطے میں تشدد کا خاتمہ، شہریوں کا تحفظ اور منصفانہ و پائیدار امن کے لیے بامعنی عالمی کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی اصولوں کا سلیکٹڈ بنیادوں پر اطلاق کر کے امن قائم نہیں کیا جا سکتا، خودمختاری، علاقائی سالمیت، انسانی حقوق اور اقوام کے حق خودارادیت کا عالمی سطح پر یکساں احترام یقینی بنانا ہوگا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ امن محض جنگ نہ ہونے کا نام نہیں بلکہ انصاف، مکالمہ، مساوات اور انسانی وقار کی پاسداری بھی ضروری ہے۔ عالمی برادری محاذ آرائی کے بجائے سفارت کاری اور تقسیم کے بجائے تعاون کا راستہ اختیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے وژن کی پیروی کرتے ہوئے جمہوری اقدار اور پرامن بقائے باہمی کے اصولوں کی حمایت جاری رکھے گی اور بین الاقوامی تنازعات کے سفارتی حل کی حمایت کرتی رہے گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے عالمی رہنماؤں پر زور دیا کہ وہ امن کو حقیقی موقع دیں اور ایسی دنیا کی تعمیر کے لیے اجتماعی کوششیں کی جائیں جہاں تنازعات کا فیصلہ میدان جنگ میں نہیں بلکہ مذاکرات کی میز پر ہو۔

بقیہ 05

میں صوبائی حکومت کا کوئی رکن شریک نہیں ہوا، یہ بے حسی ہے۔ سیاسی اختلافات جتنے مرضی ہوں، انہیں اس انتہا تک نہیں لے جانا چاہیے، صوبے کی صورتحال پورا پاکستان دیکھ رہا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ خیبر پختونخوا سے اسلام آباد پر دھاوا بولنے کے دعوے کیے جا رہے ہیں، جو بھی اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوشش کرے گا اسے سخت نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ابھی بھی وقت ہے، بند گلی میں نہ جائیں، ایسے طرز عمل سے اپنا اور اپنے لوگوں کا نقصان نہ کرائیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ لانگ مارچ کی صورت میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے احکامات پر من وعن عمل ہوگا اور جو بھی قانونی راستہ ہوگا استعمال کیا جائے گا۔ حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرے گی، کسی قسم کا سمجھوتا نہیں ہوگا۔ اس بار ایسا نہیں ہوگا کہ لانگ مارچ آئے اور 10 یا 20 روز تک ملک بند رہے، حکومت اس بار مستقل لائحہ عمل بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت میں اکثریت لانگ مارچ کی حامی نہیں، لانگ مارچ کرنے والوں کو خود بھی معلوم نہیں کہ ان کے مطالبات کیا ہیں۔ اوچھے ہتھکنڈوں اور بڑھکوں سے کچھ حاصل نہیں ہوگا، حکومت قانون کے مطابق چلے گی، کسی کے کہنے پر نہیں۔ بانی پی ٹی آئی کے اسپتال میں چیک اپ کے حوالے سے محسن نقوی نے کہا کہ چیک اپ کی سہولت پہلے ہی فراہم کی جا چکی ہے اور رات کو بھی ان کا چیک اپ ہوا ہے۔ علاج اور چیک اپ کے لیے قانون کے مطابق ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ افغانستان جب تک دہشتگردوں کو نہیں روکے گا، حالات معمول پر نہیں آسکتے۔ پیٹرولیم مصنوعات کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ خطے اور عالمی منڈی کی صورتحال کے باعث قیمتوں پر اثر پڑ رہا ہے، دنیا میں پیٹرولیم مصنوعات کی قلت پیدا ہو رہی ہے تاہم پاکستان میں سپلائی برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ وزیراعظم کی بھرپور کوشش ہے کہ پیٹرول کی قیمت نیچے لائی جائے، حکومت قیمت کم کرنے کے لیے دیگر راستے بھی تلاش کر رہی ہے۔ نئے انتظامی یونٹس کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ معاملہ تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور وہ پُرامید ہیں کہ نئے صوبے ضرور بنیں گے، تاہم نئے انتظامی یونٹس عوام کی منشا سے ہی بنیں گے۔

بقیہ 06

بوقت صبح 11:00 تا 01:00 بجے سہ پہر کو نیب (بلوچستان) کے دفتر واقع شاہراہ گلستان کوئٹہ کینٹ میں کیا جائے گا درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔ 1۔نام بمعہ ولدیت 2۔کاپی قومی شناختی کارڈ 3۔مکمل پتہ/ایڈریس 4۔نشان انگوٹھا/دستخط 5۔رابطہ نمبر موبائل/گھر/ای میل واضح کیا جاتا ہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب گم نام/فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا۔ صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اُترتی ہوں اُن پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ ایسی شکایات پر کارروائی سے قبل شکایات کنندگان سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر لیا جائے گا۔ ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیب میں شکایات مندرجہ ذیل طریقہ سے جمع کروائی جا سکتی ہیں۔ 1۔ بذریعہ ڈاک/ بذات خود نیب بلوچستان دفتر واقع شاہراہ گلستان، کوئٹہ کینٹ 2۔بذریعہ ای میل balochistan@nab.gov.pk 3۔ بذریعہ ڈاک/ بذات خود نیب کے دفتر شکایات واقع DC آفس اسکلب روڈ کوئٹہ 4۔ بذریعہ کھلی کچہری ڈائریکٹر جنرل سے بالمشافہ ملاقات کے ذریعہ (ہر ماہ کی آخری جمعرات) مزید معلومات کیلئے علاقائی دفتر شکایات نیب بلوچستان کے فون نمبرز: 081 9203614- 9203468-081 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے

بقیہ 07

کارپوریشن کے انسداد تجاوزات عملے نے تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی میٹروپولیٹن کارپوریشن کے میونسپل مجسٹریٹ عمران زیب کاسی اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ کی نگرانی میں کی گئی۔ کارروائی کے دوران سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم تجاوزات کو ہٹایا گیا اور دکانداروں و شہریوں کو ہدایت کی گئی کہ سرکاری اراضی، سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر کسی قسم کی تجاوزات قائم نہ کی جائیں۔ انتظامیہ کے مطابق شہر میں ٹریفک کی روانی، پیدل چلنے والوں کے لیے فٹ پاتھوں کی بحالی اور شہری ماحول کو بہتر بنانے کے لیے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 08

میں کاروباری شخصیات کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع سے مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کار بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ سرمایہ کاروں کو مختلف شعبوں میں رہنمائی، سہولت کاری اور ضروری معاونت فراہم کر رہا ہے تاکہ سرمایہ کاری کے عمل کو آسان، شفاف اور مؤثر بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر رابطہ صوبے کی معاشی ترقی کے لیے نہایت اہم ہے، جبکہ کاروباری برادری کی تجاویز اور مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر متعلقہ اداروں تک پہنچایا جائے

بقیہ 09

کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی محمد ہاشم کے گھر بھی گئے اور ان کے والد حاجی عبدالواحد کے انتقال پر اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیراعلیٰ نے مرحوم کے لیے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر و استقامت کی دعا کی۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 10

رسز کی اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے دہشتگردی کے خلاف برسرپیکار بہادر جوانوں اور افسران کو خراج تحسین پیش کیا انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، دہشتگردی کے خلاف مؤثر کارروائی ملک میں امن اور عوام کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہے۔ پیپلز پارٹی چیئرمین نے کہا کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے، لیکن امن کی خواہش شہریوں کی سلامتی کی قیمت نہیں ہو سکتی۔ خطے میں پائیدار امن کے لیے دہشتگردی کا خاتمہ، مؤثر سرحدی نظم و نسق اور ذمہ دارانہ علاقائی تعاون ضروری ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وطن عزیز کو دہشتگردی سے پاک کرنے کے قومی عزم کو مزید مضبوط کرنا ہوگا۔

بقیہ 11

برآمد کیا گیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں دی ہیں، قوم کو اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، ریاست دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ امن و استحکام کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔

بقیہ 12

جاں بحق ہونے والوں میں ڈاکٹر رب نواز بھی شامل ہیں، جبکہ دھماکے میں زخمی ہونے والا ایک ریڑھی بان لڑکا بھی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دھماکے کے زخمیوں کو مختلف ہسپتالوں میں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ واقعے سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہیں۔ یاد رہے کہ 18 ستمبر کو کوہاٹ میں پولیس لائن مسجد میں خودکش دھماکے میں 15 پولیس اہلکاروں سمیت 23 افراد شہید ہوئے تھے، متعدد زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے، مقابلے میں 7 دہشت گرد مارے گئے تھے۔

بقیہ 13

گرد ہلاک ہوگئے، جبکہ دشت میرانی میں انسانی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے خواتین اور بچوں سمیت 58 غیر قانونی افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت پنجگور کے علاقے اپجان کوہ، پروم میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز اور علاقے میں موجود دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فائرنگ کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان کے 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، جبکہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں اور علاقے میں کلیئرنس آپریشن بھی کیا جا رہا ہے۔ دوسری کارروائی میں سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے دشت میرانی میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے خواتین اور بچوں سمیت 58 غیر قانونی افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گرفتار افراد انسانی اسمگلروں کے ذریعے پاکستان کے راستے ایران اور پھر یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ حکام کے مطابق گرفتار افغان باشندوں کو مزید قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ پولیس حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ سرحدی علاقوں میں انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی نقل و حرکت کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ سیکیورٹی فورسز سرحدی علاقوں میں قانون کی عملداری یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں کر رہی ہیں

بقیہ 14

درمیانی شب افغانستان سے ملحقہ سرحدی علاقوں میں ٹی ٹی پی کے شناخت شدہ ٹھکانوں کے خلاف محدود اور ہدفی کارروائیاں کیں۔ ان کارروائیوں کا مقصد دہشتگردوں کے انفرااسٹرکچر کو نقصان پہنچانا، سرحد پار دراندازی روکنا اور پاکستان میں ممکنہ حملوں کا سدباب کرنا تھا۔ پاکستان کا موقف ہے کہ افغانستان طویل عرصے سے دہشتگرد تنظیموں، خصوصاً ٹی ٹی پی، کے لیے محفوظ پناہ گاہ بنا ہوا ہے۔ پاکستان کے مطابق اقوام متحدہ سمیت مختلف بین الاقوامی اداروں کی رپورٹس میں بھی ٹی ٹی پی کی افغانستان میں موجودگی اور سرگرمیوں پر تحفظات کا اظہار کیا گیا ہے۔ پاکستانی حکام کے مطابق ٹی ٹی پی اور اس سے منسلک گروہ افغان سرزمین کو تربیت، منصوبہ بندی، رابطہ کاری اور پاکستان کے اندر حملوں کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ ان گروہوں کی سرگرمیوں سے شہریوں، سیکیورٹی فورسز اور اہم تنصیبات کو مسلسل خطرات لاحق ہیں۔ پاکستان نے متعدد مواقع پر عالمی فورمز پر افغانستان میں دہشتگردوں کی پناہ گاہوں کا معاملہ اٹھایا اور افغان طالبان سے ٹی ٹی پی کے خلاف مؤثر اور قابل تصدیق کارروائی کا مطالبہ کیا۔ تاہم پاکستان کے مطابق دہشتگرد نیٹ ورکس بدستور افغان سرزمین سے سرگرم ہیں ذرائع کا کہنا ہے کہ 20 اور 21 ستمبر کی رات کی گئی کارروائیاں ٹی ٹی پی کے مخصوص ٹھکانوں اور دہشتگردی کے ڈھانچے کو نشانہ بناتے ہوئے کی گئیں، جنہیں پاکستان میں دراندازی اور حملوں کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا۔ پاکستان نے ان کارروائیوں کو اپنے دفاع کے حق کے تحت اور عالمی ذمہ داریوں کے مطابق قرار دیا ہے۔

بقیہ 15

ارب روپے منتقل کیے جا چکے ہیں، جبکہ ون لنک اور بینک کارڈز کے ذریعے آن لائن ادائیگی کی مد میں 6 ارب روپے جمع ہوئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق پرائیویٹ حج اسکیم کے تحت اب بھی 54 ہزار نشستیں دستیاب ہیں۔ عازمین حج گھر بیٹھے پاک حج ایپ کے ذریعے اپنی پسند کے حج پیکیج کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ وزارت مذہبی امور نے عازمین کو ہدایت کی ہے کہ حج منتظم کمپنی کا انتخاب اور حج پیکیج کی ادائیگی صرف پاک حج ایپ کے ذریعے کی جائے۔ وزارت کی جانب سے کسی فرد یا کمپنی کو براہ راست ادائیگی کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ ترجمان نے خبردار کیا کہ پاک حج ایپ کے علاوہ کسی دوسرے ذریعے سے ادائیگی کی صورت میں فراڈ یا مالی نقصان کی صورت میں وزارت مذہبی امور ذمہ دار نہیں ہوگی۔ وزارت کے مطابق ڈیجیٹل حج پورٹل کے ذریعے پرائیویٹ حج اسکیم کی بکنگ کی آخری تاریخ 20 نومبر مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ 16

ل کی ضروری مرمت کے کام کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 22 ستمبر کو (بروز منگل) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv پی اے ایف، بروری روڈ، اولڈ منگلی، جناح ٹاؤن، جی او آر کالونی، شہباز ٹاؤن، ملک پلانٹ، مالک، عالم خان فیڈرز سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ مری آباد گرڈ کے طوغی روڈ، مری آباد، کاسی ون، کاسی ٹو فیڈرز نیز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ویسٹرن بائی پاس، جبل نور، واریم، خروٹ آباد، تکاتو، ادیان، دوشین فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہیگی نیز اسی روز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ویسٹرن بائی پاس، خروٹ آباد، دوشین، جبل نور، واریم، ادیان اور تکاتو فیڈر جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv کرانی، غازی، واسا، سریاب ون، سریاب ٹو، اولڈ سیٹلائٹ ٹاؤن، جائنٹ روڈ، خیر بخش مری، ہزارہ ٹاؤن، اے ون سٹی، جمز سادہ اور اولڈ لیاقت بازار فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ علاوہ ازیں 23 ستمبر کو (بروز بدھ) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے لیاقت بازار ایکسپریس جبکہ زرغون گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ کاریز، ایف سی، عسکری ون فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند ہوگی۔ دریں اثناء گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری ٹیسٹنگ اور مرمتی کام کے سلسلے میں 22 ستمبر کو (بروز منگل) 132kv تو شکی اور کھڈ کوچہ گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ اسی طرح 23 ستمبر کو مچھ شوری گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک جبکہ اوستہ محمد اور زیارت گرڈ اسٹیشن سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہیگی۔ اسکے علاوہ نیشنل گرڈ کمپنی (این جی سی) کی جانب سے 220kv گرڈ اسٹیشن پر 22 ستمبر سے 25 ستمبر تک (روزانہ) صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک ٹیسٹنگ اور مرمت کا کام کیا جائے گا جس کے باعث اس دورانیہ میں تقریباً 35 میگاواٹ برقی قلت پیدا ہوگی جسے لوڈ مینجمنٹ کے ذریعے پورا کیا جائے گا۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 17

اور تہذیبی قلعے ہیں، یہ صرف عبادت گاہیں یا تعلیمی مراکز نہیں بلکہ قرآن و سنت کی تعلیم، اسلامی فکری حفاظت، دینی شعور کی بیداری اور نسل نو کی نظریاتی تربیت کے بنیادی مراکز ہیں۔ جب تک مدارس و مساجد آباد اور علما اپنے منصب پر موجود ہیں، دین کی تعلیم و ترویج کا چراغ روشن رہے گا اور اسلامی تشخص کے خلاف ہونے والی فکری و تہذیبی یلغار کا مقابلہ علمی بنیادوں پر جاری رہے گا۔ آج کے دور میں مدارس و علما ہی وہ مؤثر علمی قوت ہیں جو الحادی، سیکولر اور اسلام مخالف فکری رجحانات کے مقابلے میں اسلامی نظریہ، دینی اقدار اور مسلم معاشرے کی تہذیبی شناخت کا دفاع کر رہے ہیں، اسی لیے مختلف ادوار میں دینی مدارس اور علما کو دبانے، پروپیگنڈے، انتظامی رکاوٹوں اور مختلف نوعیت کے فتنوں کے ذریعے کمزور کرنے کی کوششیں ہوتی رہی ہیں۔ قادیانی فتنہ سمیت اسلام مخالف فکری تحریکوں کی تاریخ اس امر کی گواہ ہے کہ دینی مدارس اور علما کو کمزور کیے بغیر اسلامی معاشرے کے نظریاتی حصار کو توڑا نہیں جا سکتا، اسی لیے دینی مراکز کو نشانہ بنانے کی ہر کوشش دراصل اسلامی تشخص کو کمزور کرنے کی کوشش تصور ہوگی۔ وطن عزیز میں علما کے خلاف بلاجواز کریک ڈاؤن، دینی اداروں پر غیر ضروری دباؤ، انتظامی پیچیدگیاں اور مدارس کے معاملات کو تصادم کی طرف لے جانے کا طرز عمل ناقابل قبول ہے؛ ایسے اقدامات نہ صرف مذہبی طبقات میں اضطراب پیدا کرتے ہیں بلکہ معاشرے کے دینی جذبات اور اجتماعی احساسات کو بھی مجروح کرتے ہیں۔ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ دینی مدارس کسی مخصوص طبقے کے نہیں بلکہ اس ملک کی دینی، علمی اور تہذیبی میراث ہیں، ان کے ساتھ ریاستی پالیسی کا بنیادی اصول تصادم نہیں بلکہ اعتماد، مشاورت، قانونی تحفظ اور باہمی احترام ہونا چاہیے۔ مدارس کی رجسٹریشن، مالی و انتظامی معاملات اور دیگر قانونی امور کو شفاف اور قابل عمل بنانے کے نام پر ایسی شرائط، رکاوٹیں یا غیر ضروری نگرانی مسلط نہیں کی جا سکتی جو ان کے دینی تشخص، تعلیمی خودمختاری اور بنیادی کردار کو متاثر کرے۔ جمعیت علما اسلام کی سیاسی و فکری جدوجہد کا مرکز ہی قرآن و سنت، علما اور دینی مدارس کا تحفظ ہے؛ مدارس ہمارے لیے سیاسی مصلحت نہیں بلکہ دینی و نظریاتی وابستگی کا بنیادی حوالہ ہیں، اس لیے ان کے حقوق اور تشخص کے تحفظ کے لیے جمعیت علما اسلام ہر آئینی، قانونی، سیاسی اور جمہوری فورم پر بھرپور آواز بلند کرے گی۔ ہم حکومت اور متعلقہ اداروں پر واضح کرتے ہیں کہ مدارس کے معاملات میں یکطرفہ فیصلے، غیر ضروری قدغنیں اور طاقت کے استعمال کے بجائے علما کی نمائندہ قیادت کو اعتماد میں لے کر بامعنی مشاورت اور اتفاق رائے کا راستہ اختیار کیا جائے۔ مدارس کی آزادی تدریس، دینی تشخص، انتظامی خودمختاری اور آئینی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ مدارس ہماری ریڈ لائن ہیں؛ ان کے تقدس، دینی کردار، علمی خودمختاری اور جائز حقوق کی طرف اٹھنے والا ہر غیر ضروری قدم جمعیت علما اسلام کے لیے ناقابل قبول ہوگا، اور ہم مدارس و مساجد کے تحفظ کو محض ایک تنظیمی معاملہ نہیں بلکہ اسلامی تشخص، آئینی آزادی اور قومی دینی ورثے کے تحفظ کی جدوجہد سمجھتے ہوئے اپنی آئینی و جمہوری مزاحمت جاری رکھیں گے۔

بقیہ 18

سفیر عاصم افتخار کا کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف 21 سے 25 ستمبر تک نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے وزیراعظم 25 ستمبر کو جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گےخطاب میں علاقائی و عالمی سکیورٹی، سفارت کاری، مذاکرات اور تنازعات کے پرامن حل پر پاکستان کا موقف پیش کیا جائے گا فلسطین اور جموں و کشمیر کے مسائل اور حق خودارادیت کا معاملہ بھی اٹھایا جائے گا علاوہ ازیں موسمیاتی تبدیلی، پائیدار ترقی، انسداد دہشت گردی، اسلاموفوبیا، عالمی معاشی مسائل اور اقوام متحدہ میں اصلاحات پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہوں گی۔ وزیراعظم مختلف عالمی رہنماؤں اور اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار بھی جنرل اسمبلی کے موقع پر الگ سفارتی ملاقاتیں کریں گیا سحاق ڈار 23 ستمبر کو فرانس کے وزیر خارجہ کی زیر صدارت مصنوعی ذہانت سے متعلق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں بھی شرکت کریں گیا پاکستان کا کہنا ہے کہ وہ عالمی سطح پر مذاکرات، سفارت کاری، تعاون اور کثیر الجہتی نظام کے فروغ پر زور دے گا۔

بقیہ 19

کے بھائی تھے۔ نماز جنازہ صبح 10 بجے گلی حاجی ایلفو چمن میں ہوگی اور فاتحہ خوانی وہیں لی جائیگی۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر رہنماؤں نے حاجی سلطان پانیزئی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کے صبر جمیل کے لیے دعا کی ہے۔

بقیہ 20

کے خلاف مقدمات سیاسی نہیں بلکہ کرپشن کے ہیں، پی ٹی آئی کے ارکان اور کارکن کا فرض ہے کہ بانی سے کرپشن کا سوال کریں، تیل کی قیمتیں کم ہونے سے مہنگائی کا بحران بھی ختم ہوگا، اس مہنگائی کا تعلق حکومت کے ساتھ نہیں پوری دنیا بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں سے پریشان ہے۔ کا ماہانہ ترقیاتی رپورٹ کے اجراء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ تیل کی قیمتیں کم ہوتے سے مہنگائی کا بحران بھی ختم ہوگا، اس مہنگائی کا تعلق حکومت کے ساتھ نہیں پوری دنیا بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں سے پریشان ہے، ہمارے معاشی اعشاریہ گزشتہ چار سالوں میں بہترین ہوگئے ہیں۔

بقیہ 21

اکرہ ہائیڈ آؤٹس اور خودکش بمباروں کا ٹریننگ مرکز تباہ کر دیا گیا۔ حکومتی ترجمان کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ خیبر پختونخوا میں حالیہ دہشت گردی کے واقعات کے بعد سیکیورٹی فورسز کا بڑا ایکشن ہوا ہے۔ کوہاٹ، ہنگو اور ٹل کے گرد و نواح میں انٹیلی جنس بیسڈ گراؤنڈ آپریشنز اور ہدف پر مبنی فضائی کارروائی کی گئی ہے۔ کوہاٹ اور ہنگو میں سیکیورٹی فورسز کا کامیاب گراؤنڈ آپریشن، بھارتی پروکسی 'فتنۃ الخوارج' کے 9 خارجی ہلاک، متعدد زخمی ہوگئے۔ پاک افغان سرحدی علاقے میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں پر شدید فضائی سٹرائیکس کی گئیں۔ خوارج اور ان سے منسلک گروہوں کے 3 اہم مراکز و ہائیڈ آؤٹس اور خودکش بمباروں کا ٹریننگ مرکز تباہ کر دیا گیا۔ افغان سرحدی علاقے میں کی گئی کارروائی کے دوران 28 دہشت گرد، بشمول متعدد خودکش بمبار ہلاک ہوگئے۔ ترجمان کے مطابق دہشت گردوں کے مراکز پر موجود اسلحہ اور گولہ بارود کا کثیر ذخیرہ بھی مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا۔ پاکستان کی جانب سے افغان سرزمین کا پاکستان کے خلاف استعمال ہونے اور دہشتگردی کا منبع بننے پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا ہے اور ترجمان کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے صرف دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، کارروائی کے دوران عام شہریوں کی حفاظت کے تمام اقدامات یقینی بنائے۔ عزم استحکام کے تحت آپریشن 'غضب للحق' جاری رہے گا۔ ترجمان نے کہا کہ ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں چلنے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کرنے تک بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 22

اسکواڈ بعد میں موقع پر پہنچی ایس ایس پی آپریشن کی جانب سے تشدد کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے اس کی منصفانہ اور شفاف تحقیقات کے لئے محکمانہ تحقیقات شروع کردی گئی اگر پولیس اہلکار کی جانب سے تشدد یا اختیارات سے تجاوز کرنے کے شواہد ملے تو پولیس اہلکاروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل لائی جائے گی کیونکہ پولیس اہلکاروں سے اختیارات کے ناجائز استعمال کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 23

یک پورے پاکستان کے عوام کیلئے ہے، احتجاجی مارچ کا پہلا مرحلہ کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا گیا ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے مزید کہ جماعت اسلامی کا مقصد جلاؤ گھیراؤ یا تشدد ہرگز نہیں ہے، پالیسی ریٹ کم کرنے سے معیشت کو فائدہ ہو سکتا ہے۔

بقیہ 24

لیے برآمدی صلاحیت بڑھانے کی کوششیں تیز کرنا ہوں گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جولائی اور اگست 2026 کے دوران چین کے ساتھ پاکستان کا تجارتی خسارہ بڑھ کر 3 ارب 77 کروڑ ڈالر ہوگیا، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 2 ارب 67 کروڑ ڈالر تھا۔ چین سے درآمدات 3 ارب ڈالر سے بڑھ کر 4 ارب 24 کروڑ ڈالر ہوگئیں، جبکہ پاکستان کی چین کو برآمدات 33 کروڑ ڈالر سے بڑھ کر 48 کروڑ ڈالر تک پہنچیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ پاکستان کی چین کو برآمدات میں تقریباً 45 فیصد اضافہ ایک مثبت پیش رفت ہے، جو حکومتی اقدامات اور پاکستانی برآمد کنندگان کی کوششوں کی عکاسی کرتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس رفتار کو برقرار رکھتے ہوئے برآمدات کے مجموعی حجم کو مزید بڑھایا جائے تاکہ دوطرفہ تجارتی فرق بتدریج کم ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستان کا ایک بڑا تجارتی اور سرمایہ کاری شراکت دار ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان صنعت، توانائی، انفراسٹرکچر، زراعت اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون مسلسل فروغ پا رہا ہے۔ چین سے درآمد ہونے والی متعدد مصنوعات پاکستان کی صنعت، تعمیرات اور توانائی کے منصوبوں کے لیے ضروری مشینری، سرمایہ جاتی سامان اور خام مال فراہم کرتی ہیں، جو ملکی ترقی اور صنعتی سرگرمیوں میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت چین کے ساتھ مالی اور تجارتی تعاون کو مزید منظم، متوازن اور پائیدار بنانے کے لیے درست سمت میں پیش رفت کر رہی ہے۔ درآمدات کو غیر ضروری طور پر محدود کرنے کے بجائے پاکستانی مصنوعات کے لیے چینی منڈی میں زیادہ مؤثر رسائی حاصل کرنا بہترین حکمت عملی ہوگی۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ زرعی اجناس، گوشت، ڈیری مصنوعات، ٹیکسٹائل، معدنیات، آئی ٹی اور انجینئرنگ مصنوعات کی چین کو برآمدات بڑھانے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ حکومت مارکیٹ تک رسائی، معیار، سرٹیفیکیشن، لاجسٹکس، زرعی برآمدی پروٹوکولز اور دونوں ممالک کے کاروباری اداروں کے درمیان براہ راست روابط کو مزید مضبوط بنائے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے کہا کہ پاک چین دوستی مضبوط سیاسی اور تزویراتی تعلقات کے ساتھ تیزی سے مستحکم معاشی شراکت داری میں تبدیل ہو رہی ہے۔ پاکستان کو چین سے حاصل ہونے والی سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور صنعتی تعاون سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی پیداواری اور برآمدی صلاحیت بڑھانا ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ متوازن تجارتی تعلق دونوں ممالک کے مفاد میں ہے۔ حکومت چینی درآمدات، پاکستانی برآمدات، سرمایہ کاری اور ادائیگیوں کے معاملات کو ایک جامع معاشی حکمت عملی کے تحت آگے بڑھائے تاکہ پاک چین اقتصادی تعلقات مزید مضبوط، متوازن اور پائیدار بنیادوں پر فروغ پا سکیں۔

بقیہ 25

کو کاروباری مراکز بند رکھنے کی ہدایت کی جارہی ہے، جس کے باعث شہر میں کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں۔

بقیہ 26

غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔ عوامی شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے سرکاری بورنگ لائن سے غیر قانونی طور پر پانی حاصل کرنے والے کنکشنز کے خلاف کارروائی اور ٹینکر مافیا کے خلاف سخت اقدامات کی ہدایت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے محکمہ پبلک ہیلتھ اور پولیس نفری کے ہمراہ گزشتہ تین روز سے اوریاگی اور کوئٹہ روڈ سمیت مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے اب تک درجنوں غیر قانونی کنکشن منقطع کردیے ہیں، جبکہ آپریشن مزید علاقوں میں بھی جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق شہر کو فراہم کیے جانے والے پانی کی غیر قانونی چوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ کئی ماہ سے پانی کی عدم دستیابی کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار تھے اور بڑی تعداد میں لوگ ٹینکرز کے ذریعے مہنگے داموں پانی حاصل کرنے پر مجبور تھے۔ شہری حلقوں نے ضلعی انتظامیہ کی کارروائی کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ پانی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے اور شہر میں پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 27

ن میں ڈیجیٹل ہیلتھ نظام کو مزید مستحکم بنانے، DHIS2 کے مؤثر نفاذ، مقامی اختراعات، تحقیق اور تکنیکی استعداد کار کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت پر بلوچستان ہیلتھ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (DHIS2/BHMIS) کی جانب سے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ابابگر بلوچ جبکہ یونیورسٹی آف اوسلو کے HISP سینٹر کی جانب سے پروفیسر ڈاکٹر کرسٹن براتے دستخط کیے۔ یہ مفاہمتی یادداشت سیکرٹری صحت بلوچستان سید مجیب الرحمٰن کی موجودگی اور نگرانی میں طے پائی۔ تقریب میں یونیسیف بلوچستان کی جانب سے ڈاکٹر عامر، بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر احمد ولی اور ہیلتھ سروسز ریفارمز یونٹ (HSRU) بلوچستان کے ڈاکٹر شاکو مینگل بھی موجود تھے۔ بلوچستان میں DHIS2 کے نفاذ، رپورٹنگ کمپلائنس میں بہتری اور نظام کو فعال و مؤثر بنانے میں یونیسیف پاکستان کا تعاون بنیادی اہمیت کا حامل رہا ہے۔ یونیسیف پاکستان نے متعلقہ عملے کی تربیت، ضروری آلات کی فراہمی، عملی نفاذ، مسلسل تکنیکی معاونت اور فیڈ بیک کی بنیاد پر نظام میں بہتری کے لیے بھرپور تعاون فراہم کیا۔ اسی طرح HISP پاکستان نے یونیسیف کے تعاون سے DHIS2 کی تکنیکی تشکیل، مقامی ضروریات سے ہم آہنگی اور صوبے بھر میں اس کے مؤثر نفاذ میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ان مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ انفارمیشن سسٹم کو مضبوط بنانے اور ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی کو فروغ دینے میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ مفاہمتی یادداشت کا بنیادی مقصد محکمہ صحت بلوچستان اور یونیورسٹی آف اوسلو کے درمیان علمی، تحقیقی اور عملی تعاون کو فروغ دینا، جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے صحت کے نظام کو بہتر بنانا اور دونوں اداروں کے تجربات اور مہارت سے باہمی استفادہ کرنا ہے۔ معاہدے کے تحت بلوچستان میں DHIS2 کے نفاذ کو مزید وسعت دی جائے گی، جبکہ پرائمری ہیلتھ کیئر کی ڈیجیٹلائزیشن، موسمیاتی تبدیلی اور صحت، اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں مقامی اختراعات کو فروغ دیا جائے گا۔ محکمہ صحت بلوچستان کے اندر ایک مضبوط اور پائیدار DHIS2 کور ٹیم کا قیام اور متعلقہ افسران و تکنیکی عملے کی استعدادکار میں اضافہ بھی تعاون کے اہم نکات میں شامل ہے۔ دونوں ادارے DHIS2 سے متعلق تجربات، کامیاب عملی ماڈلز اور مقامی اختراعات کا باہمی تبادلہ کریں گے۔ بلوچستان میں متعارف کرائے گئے مؤثر اقدامات اور حاصل ہونے والے تجربات کو عالمی DHIS2 کمیونٹی تک پہنچایا جائے گا اور انہیں DHIS2 ایشیا کانفرنس، اوسلو میں منعقد ہونے والی DHIS2 سالانہ کانفرنس اور دیگر متعلقہ بین الاقوامی فورمز پر پیش کیا جائے گا۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت باہمی مطالعاتی دوروں، تکنیکی اجلاسوں، مشترکہ تحقیق، علمی مطبوعات اور مشترکہ دلچسپی کے دیگر مواد کے تبادلے کو بھی فروغ دیا جائے گا۔ دونوں ادارے مشترکہ سرگرمیوں کی منصوبہ بندی اور عمل درآمد کے لیے رابطہ کار نامزد کریں گے۔ یونیورسٹی آف اوسلو کی جانب سے اولا ویو پے جبکہ محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے ڈاکٹر ابابگر بلوچ مشترکہ سرگرمیوں کی پیش رفت اور انتظام کی ذمہ داری انجام دیں گے۔ معاہدے کے مقاصد کے حصول کے لیے دستیاب انسانی اور مالی وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے مخصوص پروگرام، منصوبے اور تعاون کے مزید معاہدے تشکیل دیے جائیں گے، جبکہ مفاہمتی یادداشت کے دائرہ کار میں دونوں فریق نئی مشترکہ سرگرمیوں کی تجاویز بھی پیش کر سکیں گے۔ اس موقع پر یونیورسٹی آف اوسلو کے نمائندوں نے محکمہ صحت، حکومت بلوچستان کے ڈیجیٹلائزیشن اقدامات کو مثالی قرار دیتے ہوئے BHMIS ٹیم کی جانب سے DHIS2 کے نفاذ، رپورٹنگ کمپلائنس، ڈیٹا کے استعمال اور نظام کی بہتری کے لیے کیے گئے کام کو سراہا۔ یونیورسٹی آف اوسلو کی جانب سے توقع ظاہر کی گئی کہ بلوچستان کا ڈیجیٹل ہیلتھ ماڈل نہ صرف پاکستان کے دیگر صوبوں اور اداروں کے لیے قابل تقلید ثابت ہوگا بلکہ DHIS2 کے مؤثر استعمال، شراکت داری اور مقامی اختراعات کے حوالے سے عالمی سطح پر بھی ایک نمایاں مثال بن کر سامنے آئے گا۔ سیکرٹری صحت بلوچستان سید مجیب الرحمٰن نے اس پیش رفت کو صوبے کے نظام صحت کی ڈیجیٹل تبدیلی میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی علمی و تکنیکی تعاون اور ترقیاتی شراکت داروں کی معاونت سے صحت سے متعلق معلومات کے معیار، شواہد پر مبنی فیصلہ سازی، نگرانی، جوابدہی اور عوامی خدمات کی فراہمی کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ انہوں نے BHMIS ٹیم کی کارکردگی کے ساتھ یونیسیف پاکستان اور HISP پاکستان کے تعاون کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں جدید، مربوط اور ڈیٹا پر مبنی نظام صحت کے قیام کے لیے اصلاحات کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 28

سے جنرل سیکریٹری ڈاکٹر زرک محمد شاہی، جوائنٹ سیکریٹری ڈاکٹر احمد عباس اور ترجمان ڈاکٹر عبداللہ ودیگر نے شرکت کی اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل اسپورٹس ڈاکٹر یاسر بازئی بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ پی ایم اے بلوچستان کی جانب سے ڈاکٹر یاسر بازئی کی شرکت، حوصلہ افزائی اور اس موقع پر کھیلوں کی سرگرمیوں کے حوالے سے کیے گئے اعلانات کو سراہا گیا۔ ڈاکٹر نعیم زرکون نے کہا کہ اس ایونٹ کا انعقاد ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے اپنی مدد آپ کے تحت، بغیر کسی اسپانسرشپ کے کیا، جو نوجوان ڈاکٹرز کے عزم اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے جذبے کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے ڈاکٹرز اور طبی برادری کے لیے منعقد ہونے والی ایسی صحت مندانہ سرگرمیوں کو باقاعدہ سرپرستی، اسپانسرشپ اور ضروری سہولیات فراہم کی جائیں گی تاکہ اس طرح کے پروگرام مزید بڑے پیمانے پر منعقد ہو سکیں۔ صدر پی ایم اے بلوچستان نے ڈاکٹر یاسر بازئی اور اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مہمان خصوصی کی جانب سے آئندہ کھیلوں کی سرگرمیوں کے لیے تعاون اور حوصلہ افزائی کے اعلانات خوش آئند ہیں۔ پی ایم اے بلوچستان توقع رکھتی ہے کہ اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ مستقبل میں ڈاکٹرز اور نوجوان طبی عملے کے لیے کھیلوں سمیت دیگر صحت مندانہ سرگرمیوں کے انعقاد میں بھرپور تعاون اور سرپرستی کرے گا۔ انہوں نے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان (YDA) بلوچستان (کی کابینہ اور منتظمین کو کامیاب انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پی ایم اے بلوچستان ڈاکٹرز کے درمیان اتحاد، بھائی چارے اور صحت مندانہ سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ہر مثبت کوشش کی بھرپور حوصلہ افزائی کرے گی۔

بقیہ 29

اضافی نرخ ادا کرنا پڑتے ہیں۔ وزارت توانائی کو موصول ہونے والی تجاویز کے مطابق اب 200 یونٹ سے زیادہ بجلی استعمال ہونے کی صورت میں اس ماہ اضافی ریٹ وصول کرنے کی تجویز زیر غور ہے تاکہ صارفین کو طویل عرصے تک پنالٹی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ دوسری جانب حکومت کو ملک میں بٹ کوائن (کرپٹو انرجی) مائننگ کے لیے کم نرخوں پر بجلی فراہم کرنے کے معاملے پر تاحال کامیابی نہیں مل سکی۔ ذرائع وزارت توانائی کا کہنا ہے کہ حکومت اب تک اس معاملے پر عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کو راضی کرنے میں ناکام رہی ہے۔ ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ہونے والے حالیہ مذاکرات میں بٹ کوائن مائننگ کے لیے بجلی کے رعایتی نرخوں کا یہ دیرینہ معاملہ ایک بار پھر آئی ایم ایف ٹیم کے سامنے اٹھایا جائے گا تاکہ اس حوالے سے کوئی قابل عمل لائحہ عمل طے کیا جاسکے۔

بقیہ 30

صفیہ عبدالخالق نے ہوشربا انکشافات کرتے ہوئے بتایا کہ دہشتگردوں نے انہیں رابطے کے لیے خصوصی موبائل فون فراہم کیا اور باقاعدہ خودکش بمبار بننے کے لیے تیار کرنے کی کوشش کی۔ ان کا کہنا تھا کہ پہلے انہیں ایک میلے کے بہانے بلایا گیا، پھر مختلف کمانڈرز سے ان کے رابطے کرائے گئے۔ دہشتگردوں نے انہیں ڈرائیونگ سکھائی، بم بنانے کی تربیت دی اور گاڑی میں دھماکا خیز مواد نصب کرنے کے احکامات دیے تھے۔ ایک اور بازیاب خاتون خدیجہ بی بی جان نے آبدیدہ ہو کر بتایا کہ انہیں کوئٹہ سے اغوا کیا گیا تھا، ان کے شوہر 2022 میں ہلاک ہوئے تھے جن کا تعلق ایک دہشتگرد تنظیم سے تھا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخر ہمیشہ غریب گھرانوں کی لڑکیوں کو ہی کیوں ان گھناؤنے مقاصد اور خودکش حملوں کے لیے نشانہ بنایا جاتا ہے؟ انہوں نے اپیل کی کہ جو عناصر یہ ہلاکت خیز کھیل کھیل رہے ہیں، ان کے اپنے بھی بچے ہیں، لہٰذا کوئی بھی لڑکی کسی کی چکمہ بازی میں آکر اس غلط راستے کا انتخاب نہ کرے۔ صفیہ عبدالخالق نے پاکستانی سیکیورٹی فورسز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بتایا کہ فورسز نے بروقت کارروائی کر کے انہیں زندہ سلامت بازیاب کرایا اور انتہائی باعزت طریقے سے ان کے خاندان کے حوالے کیا۔ انہوں نے والدین اور نوجوان نسل سے پرزور اپیل کی کہ وہ گمراہ کن باتوں پر ہرگز دھیان نہ دیں، کسی بھی غلط قدم اٹھانے سے پہلے اپنے خاندان اور روشن مستقبل کے بارے میں سوچیں، اور دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کا حصہ بننے سے گریز کریں۔

بقیہ 31

فضل الرحمن نے کہا کہ جنرل کونسل اجلاس میں ملک اور خطے کی مجموعی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ دو صوبوں میں عملاً کوئی حکومت نہیں جبکہ سندھ کے بعض علاقوں میں ڈاکو راج ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاقتور ادارے حکومت چلا رہے ہیں جو آئین، قانون اور اخلاق کے پابند نہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ قرضوں کا دباؤ مسلسل بڑھ رہا ہے اور مہنگائی اتنی بڑھ گئی ہے کہ لوگ اپنا علاج بھی نہیں کروا پا رہے۔ حکمرانوں کی آنکھیں اور کان بند ہیں، وہ نہ دیکھتے ہیں نہ سنتے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں دو جماعتوں کے مظاہروں کا اعلان کر دیا گیا جبکہ کشمیر میں تین ماہ سے لوگ احتجاج کر رہے ہیں اور حکمران اپنے وعدوں سے مکر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی سالوں سے ملٹی نیشنل کمپنیاں پاکستان چھوڑ رہی ہیں اور کوئی سرمایہ کاری کے لیے تیار نہیں۔ افغانستان اور بھارت کے ساتھ سرحدیں بند کر دی گئی ہیں، چین کا اعتماد کھو چکا ہے اور ملک ایک محصور ریاست بن کر رہ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گھر میں آگ لگی ہوئی ہے اور نئے مسائل پیدا کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ہم بارود کے ڈھیر پر بیٹھے ہوئے ہیں اور صوبوں و معدنی وسائل کے مسائل چھیڑے جا رہے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ جے یو آئی کے بغیر حکومت بنتی نہیں اور اگر بنتی ہے تو چلتی نہیں۔ پارلیمان کے اندر تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ اشتراک عمل اور متحدہ اپوزیشن کی توثیق کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس حکومت کو اسٹیبلشمنٹ کی نمائندہ سمجھتے ہیں، اس لیے بات چیت ممکن نہیں۔ اگر نمائندہ حکومت ہو تو بات چیت ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر پیپلز پارٹی حکومت سے باقاعدہ الگ ہو جائے تو یہ اقلیت کی حکومت ہوگی۔ اس صورت میں تحریک عدم اعتماد آئے تو جے یو آئی اس کا ساتھ دے گی۔ تاہم ابھی اپوزیشن اس پوزیشن میں نہیں اور تاحال عدم اعتماد پر کوئی غور نہیں کیا گیا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پی ٹی آئی کو اپنے فورم پر احتجاج کا مکمل حق حاصل ہے۔ جے یو آئی نے لانگ مارچ کیا تو کوئی پتہ نہیں ٹوٹا، لاہور میں میٹرو بس بھی چلتی رہی۔ انہوں نے پی ٹی آئی چیئرمین کی بہنوں کو اٹھائے جانے کی مذمت کی اور کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایک وزیر کو گولیاں مار کر اٹھا لیا گیا جبکہ ڈیرہ اسماعیل خان میں پی ٹی آئی حکومت ہونے کے باوجود جلسے کی اجازت نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کے وسائل کے مالک صوبوں کی عوام ہیں اور صوبوں کی جنگ آئین کے مطابق لڑنی چاہیے۔ متحدہ اپوزیشن نے سیاسی قیدیوں کی رہائی، کشمیر کا مسئلہ اور صوبوں کی تقسیم کو ایجنڈا بنایا ہے۔ حکومت رابطہ کرے تو بات کی جائے گی۔ مولانا فضل الرحمان نے بتایا کہ 15 اکتوبر کو ملتان میں مفتی محمود کانفرنس منعقد ہوگی جبکہ اگلے سال مارچ میں سندھ میں امن عالم کانفرنس ہوگی جس میں 50 لاکھ تک لوگ شرکت کریں گے اور امت مسلمہ و عالم انسانیت کو متوجہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صدارتی طرز حکومت آمریت کی علامت ہے جبکہ پارلیمانی نظام سیاستدان چلاتے ہیں۔

بقیہ 32

قابل قدر ہیں۔ بالخصوص نوجوان نسل کی رہنمائی، ان کے مسائل کے حل اور قومی خدمت کے جذبے کے حوالے سے بلاول بھٹو زرداری کی جدوجہد حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری اپنے شہید نانا قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو اور شہید والدہ محترمہ بے نظیر بھٹو کی سیاسی میراث کو آگے بڑھاتے ہوئے اپنی سوچ، توانائی اور عزم کے ساتھ قومی سیاست میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے اس خوشی کے موقع پر پوری قوم اور پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان کے لیے بھی یہ دن مسرت کا باعث ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ بلاول بھٹو زرداری کو صحت، کامیابی، استقامت اور مزید عوامی خدمت کی توفیق عطا فرمائے، جبکہ ان کی زندگی کا نیا سال پاکستان کے لیے امن، ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح کا ذریعہ بنے۔

بقیہ 33

فوری جانچ کی گئی۔ ٹیسٹنگ کے دوران ملاوٹ اور ناقص معیار ثابت ہونے پر 320 لیٹر دودھ اور 60 کلو دہی موقع پر تلف کر دیا گیا۔

تلاش گمشدگی / تصحیح اشتہار

میری محکمہ تعلیم کی سروس بک بنام شیلا بی بی زوجہ عمران وارث شاہ زمان روڈ پر کہیں گر گئی ہے۔ جسے ملے اس نمبر پہ رابطہ کرے۔

المشتہر۔ فراز خان

موبائل نمبر 03148147526

بقیہ 01

قابل قدر ہیں۔ بالخصوص نوجوان نسل کی رہنمائی، ان کے مسائل کے حل اور قومی خدمت کے جذبے کے حوالے سے بلاول بھٹو زرداری کی جدوجہد حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری اپنے شہید نانا قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو اور شہید والدہ محترمہ بے نظیر بھٹو کی سیاسی میراث کو آگے بڑھاتے ہوئے اپنی سوچ، توانائی اور عزم کے ساتھ قومی سیاست میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے اس خوشی کے موقع پر پوری قوم اور پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان کے لیے بھی یہ دن مسرت کا باعث ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ بلاول بھٹو زرداری کو صحت، کامیابی، استقامت اور مزید عوامی خدمت کی توفیق عطا فرمائے، جبکہ ان کی زندگی کا نیا سال پاکستان کے لیے امن، ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح کا ذریعہ بنے۔

بقیہ 02

فوری جانچ کی گئی۔ ٹیسٹنگ کے دوران ملاوٹ اور ناقص معیار ثابت ہونے پر 320 لیٹر دودھ اور 60 کلو دہی موقع پر تلف کر دیا گیا۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں کے مطابق مختلف کارروائیوں کے دوران دودھ میں پانی کی ملاوٹ اور اسکمڈ ملک پاؤڈر کے استعمال کے شواہد سامنے آئے۔ لورالائی میں 7 دودھ کی دکانوں کے خلاف پانی کی ملاوٹ، اسکمڈ ملک پاؤڈر، ناقص صفائی اور بی ایف اے لائسنس کی عدم موجودگی پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کوئٹہ میں دودھ بردار گاڑیوں، موٹر سائیکلوں، رکشوں، دودھ کی دکانوں اور مختلف مقامات جہاں سے دودھ سپلائی کیا جا رہا تھا کی اسپاٹ چیکنگ کی گئی، جبکہ متعدد کاروباری مراکز کو بہتری کے نوٹسز بھی جاری کیے گئے۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے دودھ کی سپلائی چین میں صفائی، ذاتی حفظان صحت، مناسب اسٹوریج اور بی ایف اے کے ایس او پیز پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر جنرل بی ایف اے حبیب اللہ خان نے واضح کیا ہے کہ ملاوٹی اور غیر معیاری دودھ کی فروخت و سپلائی کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا، عوام کو محفوظ اور معیاری دودھ و دیگر ڈیری مصنوعات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ حالیہ جاری مہم کا مقصد ملاوٹ کے مکروہ دھندے کا مکمل خاتمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ موبائل ٹیسٹنگ لیبارٹریز کے ذریعے موقع پر فوری جانچ اور دودھ کی سپلائی چین کی نگرانی کا عمل جاری رہے گا جبکہ ملاوٹ اور قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی

بقیہ 03

یہ اقدام روزمرہ دفتری ماحول میں پائیداری کے لیے ٹیکنالوجی، ڈیٹا اور سرکلر اکانومی کے اصولوں کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اسمارٹ ری سائیکلنگ اسٹیشنز زونگ کے متعدد دفاتر میں نصب کی جا رہی ہیں جہاں پلاسٹک، کاغذ اور دھات سمیت جیسے ری سائیکل مواد کو فضلہ پھینکنے کے مقام پر ہی الگ کرنے اور دوبارہ قابل استعمال بنانے کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ پیکو ڈراپ سٹیشن ری سائیکلنگ کے عمل کو بہتر بنانے کے لیے کچرے پھینکنے کے مقام پر ہی اسکی درجہ بندی کرنے کے لیے ٹیکنالوجی پر مبنی طریقہ کار متعارف کرواتا ہے۔ جس کے ذریعے دوبارہ قابل استعمال کچرے کو لینڈ فل تک پہنچنے سے روکا جاسکےگا اور ذمہ دارانہ انداز میں اشیاء کے استعمال اور تلفی کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ اس اقدام کا بنیادی حصہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے منسلک ویسٹ مینجمنٹ نظام ہے، جو کچرے میں جمع کیے جانے والے مواد، اس کی مقدار اور کلیکشن سے متعلق معلومات ریکارڈ کرے گا۔ اس طرح کچرا پھینکے جانے سے لے کر اس کی ریکوری تک پورے عمل کا ایک قابل نگرانی ریکارڈ تشکیل پائے گا۔ یہ اقدام زونگ کے اس وسیع تر عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ ٹیکنالوجی کو صرف رابطے تک محدود رکھنے کے بجائے اسے ماحولیاتی اور سماجی مسائل کے حل اور مثبت اثرات پیدا کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جائے۔ ایک نظام کے تحت زونگ کے ملازمین کو دوبارہ قابل استعمال مواد جمع کروانے پر کریڈٹس دیے جائیں گے، جبکہ وہ ڈیجیٹل طریقے سے اپنی شرکت کو ٹریک کرنے اور جمع شدہ انعامات حاصل کرنے کے قابل ہوں گے۔ ذمہ دارانہ رویے کو عملی پذیرائی سے جوڑتے ہوئے اس اقدام کا مقصد ری سائیکلنگ کو مزید آسان اور دلچسپ بنانا، جبکہ کام کی جگہ پر ماحولیاتی ذمہ داری کے مضبوط کلچر کو فروغ دینا ہے۔ اس اقدام پر زونگ کی ہیڈ آف اسٹریٹیجی اور کمپنی ترجمان، نبیلہ یزدانی کا کہنا تھا کہ، "پائیداری کا تسلسل زونگ میں ہمارے روزمرہ کے طریقہ کار، ویلیو کریئیشن اور ذمہ دارانہ فیصلوں کا حصہ ہے۔ پیکو ڈراپ اس بات کی مثال ہے کہ ٹیکنالوجی، ڈیٹا اور ملازمین کی شرکت کو یکجا کر کے ویسٹ مینجمنٹ کو مزید مؤثر اور قابل پیمائش بنایا جا سکتا ہے۔ ہم ٹیکنالوجی کو صرف رابطے کا ذریعہ نہیں بلکہ پائیدار آپریشنز، وسائل کے ذمہ دارانہ استعمال اور مثبت ماحولیاتی و سماجی اثرات کے لیے بھی اہم قوت سمجھتے ہیں۔ یہ اقدام ایک زیادہ سرکلر اور پائیدار ورک پلیس کے لیے قابل توسیع ماڈل کی جانب عملی قدم ہے۔ آئی ایس پی انوائرمنٹل سلوشنز (ISPES) کی سی ای او ڈاکٹر ظل مریم نے شراکت داری پر گفتگو کرتے ہوئے کہا، "یہ اعانت محض کچرا جمع کرنے کے مقامات تک محدود نہیں بلکہ سرکلر اکانومی کی بنیاد مضبوط کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ اسمارٹ ٹیکنالوجی کے ذریعے کچرے کو تلف کرنے کے مقام پر ہی الگ کیا جائے گا، جس سے قابل ری سائیکل مواد کی مکمل ریکوری اور ری سائیکلنگ ممکن ہو سکے گی۔ ہمیں زونگ کے ساتھ مل کر صاف اور پائیدار مستقبل کے لیے ڈیجیٹل اور فزیکل انفراسٹرکچر کی تعمیر پر فخر ہے۔ ورلڈ کلین اپ ڈے کے موقع پر یہ شراکت داری زونگ کے اس عزم کی عکاسی کرتی ہے کہ پائیداری کو وقتی سرگرمی کے بجائے روزمرہ اور قابل پیمائش عملی اقدام بنایا جائے۔ ٹیکنالوجی، ڈیٹا، ملازمین کی شرکت اور سرکلر اکانومی کے اصولوں کو یکجا کرتے ہوئے زونگ کچرے میں کمی، ذمہ دارانہ استعمال اور زیادہ پائیدار مستقبل کی بنیاد مضبوط کرنے کی جانب عملی قدم اٹھا رہا ہے۔

بقیہ 04

عبدالکبیر خان زرکون اور ڈی جی نیوٹیک ڈاکٹر حسین بخش مگسی کے درمیان ہونے والی ایک اہم ملاقات میں کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کے زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو ہنرمند بنانے، صوبے بھر کے فنی تربیتی مراکز کو جدید ترین مشینری اور آلات کی فراہمی کو یقینی بنانے، اور خلیجی (جی سی سی) و دیگر غیر ملکی مارکیٹوں میں ہنرمند افرادی قوت کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ خلیجی ممالک اور دنیا بھر میں روزگار کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے بلوچستان کے نوجوانوں کو ترجیحی بنیادوں پر اعلیٰ فنی تربیت اور روزگار کی فراہمی میں اہمیت دی جائے گی۔ ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر خان زرکون اور ڈی جی نیوٹیک ڈاکٹر حسین بخش مگسی کا کہنا تھا کہ یہ تمام اقدامات وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے اس ویژن کا حصہ ہیں جس کا مقصد صوبے کے یوتھ کو جدید ٹیکنالوجی اور سائنسی علوم و فنون سے لیس کرنا ہے۔ اس حکمت عملی کے تحت نوجوانوں کو اس قابل بنایا جائے گا کہ وہ دنیا کے ہر کونے میں بلوچستان کے بہترین، باصلاحیت اور ہنرمند نمائندے کے طور پر جا سکیں اور ملک و صوبے کی اقتصادی ترقی میں اپنا فعال کردار ادا کر سکیں۔

بقیہ 05

افتتاح کیا۔ اس موقع پر سماجی رہنما محمد علی اچکزئی اور ضلعی پولیو افسر محمد اشرف اچکزئی بھی موجود تھے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق مہم کے دوران ضلع چمن میں 83 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ پولیو ٹیمیں ضلع بھر میں گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائیں گی۔ مہم کے دوران چمن شہر کے داخلی و خارجی راستوں اور اہم چیک پوسٹوں پر بھی پولیو ٹیمیں تعینات رہیں گی، جہاں گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر سفر کرنے والے اور پیدل چلنے والے بچوں کو بھی پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے والدین اور شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہوئے اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر مہم کے دوران پولیو کے حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں تاکہ بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھا جا سکے۔ انہوں نے پولیو کے خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت، پولیو ٹیموں، والدین اور معاشرے کے تمام طبقات کے مشترکہ تعاون کو ناگزیر قرار دیا۔

بقیہ 06

2026 بروز جمعرات، بوقت دوپہر 12:00 بجے ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جہاں ڈپٹی کمشنر سمیت تمام ضلعی افسران شہریوں کی شکایات سن کر موقع پر ہی احکامات جاری کریں گے۔ اعلامیے میں سائلین کے لیے طریقہ کار واضح کیا گیا ہے کہ وہ کچہری میں شرکت کے وقت اپنے ہمراہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور تحریری درخواست لائیں، جبکہ مؤثر کارروائی اور فالو اپ کے لیے درخواست پر اپنا فعال رابطہ نمبر بھی درج کریں۔ اس طریقہ کار کا مقصد شکایات کے اندراج اور ان پر ہونے والی پیشرفت کو شفاف اور آسان بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر دفتر نے ضلع بھر کے تمام شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے مسائل و مشکلات کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کے لیے اس کھلی کچہری میں بروقت شرکت کریں۔

بقیہ 07

کے مؤثر نفاذ، مقامی اختراعات، تحقیق اور تکنیکی استعداد کار کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت پر بلوچستان ہیلتھ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (BHMIS/DHIS2) کی جانب سے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اباکر بلوچ جبکہ یونیورسٹی آف اوسلو کے HISP سینٹر کی جانب سے پروفیسر ڈاکٹر کرسٹن براﺅ نے دستخط کیے۔ یہ مفاہمتی یادداشت سیکرٹری صحت بلوچستان سید مجیب الرحمٰن کی موجودگی اور نگرانی میں طے پائی۔ تقریب میں یونیسیف بلوچستان کی جانب سے ڈاکٹر عامر، بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر احمد ولی اور ہیلتھ سروسز ریفارم یونٹ (HSRU) بلوچستان کے ڈاکٹر شاکو مینگل بھی موجود تھے۔ بلوچستان میں DHIS2 کے نفاذ، رپورٹنگ کمپلائنس میں بہتری اور نظام کو فعال و مؤثر بنانے میں یونیسیف پاکستان کا تعاون بنیادی اہمیت کا حامل رہا ہے۔ یونیسیف پاکستان نے متعلقہ عملے کی تربیت، ضروری آلات کی فراہمی، عملی نفاذ، مسلسل تکنیکی معاونت اور فیڈ بیک کی بنیاد پر نظام میں بہتری کے لیے بھرپور تعاون فراہم کیا۔ اسی طرح HISP پاکستان نے یونیسیف کے تعاون سے DHIS2 کی تکنیکی تشکیل، مقامی ضروریات سے ہم آہنگی اور صوبے بھر میں اس کے مؤثر نفاذ میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ان مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ انفارمیشن سسٹم کو مضبوط بنانے اور ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی کو فروغ دینے میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ مفاہمتی یادداشت کا بنیادی مقصد محکمہ صحت بلوچستان اور یونیورسٹی آف اوسلو کے درمیان علمی، تحقیقی اور عملی تعاون کو فروغ دینا، جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے صحت کے نظام کو بہتر بنانا اور دونوں اداروں کے تجربات اور مہارت سے باہمی استفادہ کرنا ہے۔ معاہدے کے تحت بلوچستان میں DHIS2 کے نفاذ کو مزید وسعت دی جائے گی، جبکہ پرائمری ہیلتھ کیئر کی ڈیجیٹلائزیشن، موسمیاتی تبدیلی اور صحت، اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں مقامی اختراعات کو فروغ دیا جائے گا۔ محکمہ صحت بلوچستان کے اندر ایک مضبوط اور پائیدار DHIS2 کور ٹیم کا قیام اور متعلقہ افسران و تکنیکی عملے کی استعداد کار میں اضافہ بھی تعاون کے اہم نکات میں شامل ہے۔ دونوں ادارے DHIS2 سے متعلق تجربات، کامیاب عملی ماڈلز اور مقامی اختراعات کا باہمی تبادلہ کریں گے۔ بلوچستان میں متعارف کرائے گئے مؤثر اقدامات اور حاصل ہونے والے تجربات کو عالمی DHIS2 کمیونٹی تک پہنچایا جائے گا اور انہیں DHIS2 ایشیا کانفرنس، اوسلو میں منعقد ہونے والی DHIS2 سالانہ کانفرنس اور دیگر متعلقہ بین الاقوامی فورمز پر پیش کیا جائے گا۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت باہمی مطالعاتی دوروں، تکنیکی اجلاسوں، مشترکہ تحقیق، علمی مطبوعات اور مشترکہ دلچسپی کے دیگر مواد کے تبادلے کو بھی فروغ دیا جائے گا۔ دونوں ادارے مشترکہ سرگرمیوں کی منصوبہ بندی اور عمل درآمد کے لیے رابطہ کار نامزد کریں گے۔ یونیورسٹی آف اوسلو کی جانب سے اولاو پولے جبکہ محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے ڈاکٹر اباکر بلوچ مشترکہ سرگرمیوں کی پیش رفت اور انتظام کی ذمہ داری انجام دیں گے۔ معاہدے کے مقاصد کے حصول کے لیے دستیاب انسانی اور مالی وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے مخصوص پروگرام، منصوبے اور تعاون کے مزید معاہدے تشکیل دیے جائیں گے، جبکہ مفاہمتی یادداشت کے دائرہ کار میں دونوں فریق نئی مشترکہ سرگرمیوں کی تجاویز بھی پیش کر سکیں گے۔ اس موقع پر یونیورسٹی آف اوسلو کے نمائندوں نے محکمہ صحت، حکومت بلوچستان کے ڈیجیٹلائزیشن اقدامات کو مثالی قرار دیتے ہوئے BHMIS ٹیم کی جانب سے DHIS2 کے نفاذ، رپورٹنگ کمپلائنس، ڈیٹا کے استعمال اور نظام کی بہتری کے لیے کیے گئے کام کو سراہا۔ یونیورسٹی آف اوسلو کی جانب سے توقع ظاہر کی گئی کہ بلوچستان کا ڈیجیٹل ہیلتھ ماڈل نہ صرف پاکستان کے دیگر صوبوں اور اداروں کے لیے قابل تقلید ثابت ہوگا بلکہ DHIS2 کے مؤثر استعمال، شراکت داری اور مقامی اختراعات کے حوالے سے عالمی سطح پر بھی ایک نمایاں مثال بن کر سامنے آئے گا۔ سیکرٹری صحت بلوچستان سید مجیب الرحمٰن نے اس پیش رفت کو صوبے کے نظام صحت کی ڈیجیٹل تبدیلی میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی علمی و تکنیکی تعاون اور ترقیاتی شراکت داروں کی معاونت سے صحت سے متعلق معلومات کے معیار، شواہد پر مبنی فیصلہ سازی، نگرانی، جواب دہی اور عوامی خدمات کی فراہمی کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ انہوں نے BHMIS ٹیم کی کارکردگی کے ساتھ یونیسیف پاکستان اور HISP پاکستان کے تعاون کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں جدید، مربوط اور ڈیٹا پر مبنی نظام صحت کے قیام کے لیے اصلاحات کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے گا

بقیہ 08

حکومت بلوچستان کی جانب سے اہل زمینداروں کو بلامعاوضہ فراہم کیا جا رہا ہے کسان کارڈ کے حصول، رجسٹریشن، طریقہ کار اور دیگر متعلقہ معلومات کے لیے دفتری اوقات میں محکمہ زراعت توسیع کوہلو کے دفتر سے رجوع کریں۔

بقیہ 09

کونسلوں کے حوالے سے ٹارگٹ، زیرو ڈوز، این اے، مسڈ اور ریفیوزلز کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سبی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور کوئی بھی بچہ ویکسینیشن سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ زیرو ڈوز اور مسڈ یا ریفیوزلز والے تمام بچوں کو آج ہی کور کیا جائے اور اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈی سی نے تمام ٹیموں کو مکمل ذمہ داری، فرض شناسی اور شفافیت کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ فیلڈ عملہ ہر گھر تک رسائی یقینی بنائے اور مانیٹرنگ ٹیمیں مسلسل کارکردگی کا جائزہ لیتی رہیں

بقیہ 10

ل کے ہیڈ ماسٹر عبدالخالق نے ضلعی ایجوکیشن آفیسر کو ادارے کے تعلیمی امور، طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں، دستیاب سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے بریفنگ دی۔ زاہد حسین بلوچ نے اسکول میں تعلیمی معیار، طلبہ کی حاضری، تدریسی عمل اور بنیادی سہولیات کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے تعلیمی سرگرمیوں کو مزید موثر بنانے پر زور دیا۔ ضلعی ایجوکیشن آفیسر نے محکمہ تعلیم بلوچستان اور یونیسیف کے زیر اہتمام جاری 16 روزہ اساتذہ تربیتی ورکشاپ کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے تربیتی پروگرام میں شریک اساتذہ سے ملاقات کی اور تربیتی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے اور جدید تدریسی طریقوں کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان تعلیمی معیار کی بہتری، اساتذہ کی استعداد کار میں اضافے، طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی اور سرکاری تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کرتے ہوئے طلبہ کی تعلیمی و اخلاقی تربیت پر خصوصی توجہ دیں۔

بقیہ 11

جدوجہد کو اہمیت دیتے ہیں اور اپنے مستقبل کے فیصلوں میں عوامی طاقت اور سیاسی شعور کو مقدم رکھتے ہیں۔

بقیہ 12

کی موجودگی اور ہمسایہ افغانستان سے وائرس کی منتقلی ایک چیلنج ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو کے قطرے ضرور پلائیں۔

بقیہ 13

نے منتقل ضلع حب میں ڈیجیٹل نگرانی کے بنیادی ڈھانچے کو تعینات کرنے کے لیے تکنیکی اقدامات کیے ہیں سیف سٹی پراجیکٹ کی ہائی ریزولوشن AI مانیٹرنگ کے انضمام اور اسٹریٹ کرائم کو روکنے میں مددگار ہے یہ بات انہوں نے پیر کے روز سیف سٹی پراجیکٹ ضلع حب کے سرویلنس سینٹر دورے کے موقع پر متعلقہ حکام سے گفتگو کرتے ہوئے کہی کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو اے ایس پی عدنان نے سرویلنس کیمروں کے ذریعے شہر کی سیکیورٹی مانیٹرنگ کیوا لے ٹیکنیکل اقدامات سے آگاہ کیا اس موقع پر کمشنر سرویلنس سینٹر کے مختلف سیکشن کا دورہ کیا کمشنر سائرہ عطا کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی ہدایت پر سرمایہ کاروں کو مستحکم ماحول فراہم کر رہے یہ حفاظتی اقدامات کیا انفراسٹرکچر کا قیام تیزی سے پھیلتے حب سٹی کو کرائم فری زون بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا اس سلسلے میں سیف سٹی پراجیکٹ کی آپریشنل سرگرمیوں کا جائزہ لیا جو شہر کے مختلف مقامات پر نصب کئے گئے ہیں کمشنر ضلع حب کیمرہ سرویلنس کیمروں کے ذریعے شہری کمیونٹی سسٹم بلوچستان سیف سٹی پراجیکٹ کا جائزہ لیا کمشنر کو بتایا گیا کہ سندھ بلوچستان کی سرحدی پٹی پر واقع ضلع حب ایک اہم صنعتی مرکز اور ٹرانزٹ زون کے طور پر کام کرتا ہے کمشنر لسبیلہ ڈویژن کا کہنا ہے کہ صوبہ بھر کیا سٹریٹجک اضلاع بشمول ضلع حب تک سیف سٹی پراجیکٹ کو پھیلایا گیا ہے اور سیف سٹی منصوبے کا مقصد قانون کے نفاذ کو بہتر بنانے اور سندھ بلوچستان کی سرحدی پٹی پر انسداد اسمگلنگ کی روک تھام کے ساتھ اسمارٹ ٹریفک مینجمنٹ نفاذ کو یقینی بنانا ہے اور خصوصی آئی ٹی اور سسٹم مینیجرز ڈیٹا لنکس اور کمپیوٹر کی مدد سے ہنگامی واقعات کے دوران پولیس کیریڈر سپانس کو ممکن بناتے ہے۔

بقیہ 14

ہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو جدید، ترقی یافتہ اور خوشحال ملک بنانا بلاول بھٹو زرداری کا وژن ہے جبکہ ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانا بھی ان کے عوام دوست وژن کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے سیاسی اور معاشی حقوق بلاول بھٹو زرداری کی جدوجہد کا محور ہیں وہ جمہوریت، آئین اور عوام کے حق حکمرانی کی آواز ہیں اور ترقی پسند و خوشحال پاکستان کے وژن کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ جمہوری جدوجہد کے تسلسل کی خوشی کا دن ہے بلاول بھٹو زرداری نے نوجوان نسل کو سیاست میں فعال کردار ادا کرنے اور پاکستان کے مستقبل کو جمہوری اصولوں سے جوڑنے کا حوصلہ دیا بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں عوامی خدمت، ملکی استحکام اور وفاق کی مضبوطی کے لیے جدوجہد جاری ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو طویل عمر اور ملک کی خدمت کے لیے مزید ہمت و حوصلہ عطا فرمائے۔

بقیہ 15

علاقوں میں فوری طور پر آوارہ کتوں کے خلاف مؤثر مہم شروع کی جائے تاکہ شہریوں کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھا جا سکے۔

بقیہ 16

اسیع نے بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر رحید رفعل نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے والدین سول سوسائٹی علماء کرام اساتذہ، میڈیا اور معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور اپنے پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کے دوران محکمہ صحت کی ٹیمیں ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی پولیو ورکرز کی جانب سے بچوں کو قطرے پلانے کے ساتھ ساتھ والدین کو پولیو سے بچاؤ اور حفاظتی تدابیر کے حوالے سے بھی آگاہی فراہم کی جائے گی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی نے بتایا کہ مہم کے دوران پولیو ٹیموں کی کارکردگی کی موثر نگرانی کی جائے گی اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ کوئی بھی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے گھروں پر آنے والی پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ ڈاکٹر عبدالسمیع نے بھی پولیو کے خاتمے کے لیے جاری کوششوں میں والدین اور معاشرے کے تمام طبقات کے تعاون کو انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لیے ہر مہم میں پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا ضروری ہے۔

بقیہ 17

کے مختلف کاموں کیلئے ٹھیکیداروں نے ٹینڈر جمع کرائے تھے جنہیں ٹھیکیداروں کی موجودگی میں اوپن کیا گیا اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ شرائط پوری کرنے والے ٹھیکیداروں کو ورک آرڈر جاری کیے جائیں اور کسی ٹھیکیدار کی حق تلفی نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ نے بلوچستان کے مختلف ڈسٹرکٹ میں ترقیاتی کاموں کیلئے ٹینڈرز شفاف طریقے سے اوپن کردیے گئے ہیں ٹینڈر حاصل کرنے والے ٹھیکیداروں کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے کام کو معیار اور مقررہ وقت میں مکمل کریں۔ نثار احمد بگٹی نے کہا کہ سیکرٹری بلدیات رف بلوچ اور ڈی جی لوکل گورنمنٹ ایوب قریشی نے سختی سے ہدایات جاری کی ہیں کہ ٹینڈرنگ کے عمل کو شفاف بنایا جائے اور آج بلوچستان کے مختلف ڈسٹرکٹ میں کاموں کیلئے ٹھیکیداروں نے ٹینڈر جمع کرائے تھے جنہیں ٹھیکیداروں کی موجودگی میں اوپن کیا گیا ہے

بقیہ 18

نہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری صرف ایک شخصیت کا نام نہیں بلکہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے ادھورے مشن کی تکمیل کا استعارہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے انتہائی کم عمری میں جس جرات، بصیرت اور جمہوری سوچ کے ساتھ پارٹی کی قیادت سنبھالی، وہ قابل تحسین ہے آج وہ پاکستان کے کروڑوں نوجوانوں کی امید اور مظلوم عوام کی آواز بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے سیاسی ورثے کو آگے بڑھاتے ہوئے نوجوان نسل کی امنگوں، عوام کے جمہوری حق حکمرانی اور پاکستان کے روشن مستقبل کو اپنی سیاسی جدوجہد کا محور بنایا ہے۔ انہوں نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی درازی عمر، صحت و سلامتی اور سیاسی کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

بقیہ 19

شہریوں سے مسلسل رابطہ ضروری ہے۔ ان کی رہائش گاہ پر ہونے والی یہ ملاقاتیں عوامی مسائل کے ادراک، تجاویز کے حصول اور شہریوں کی مشکلات کے ازالے کے لیے موثر رابطے کا ذریعہ بن رہی ہیں۔

بقیہ 20

ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر تھانہ شہید ڈی ایس پی جمیل کاکڑ کے عملے نے عالمو چوک پر چیکنگ کے دوران گاڑی سے ایک رائفل، ایک میگزین اور 25 راؤنڈ برآمد کر کے گاڑی قبضے میں لیکر عبدالجبار کو گرفتار کر لیا۔ اسی طرح ایئر پورٹ پولیس نے نامزد ملزمان سرور خان اور روزی خان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بغیر لائسنس کے پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر لیا۔ سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے غلام مجتبیٰ سے ایک کلو 50 گرام چرس برآمد کر لی جبکہ جناح ٹاؤن پولیس نے جمیل احمد کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے گرفتار کر لیا۔ اور پولیس نے تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 21

نے والے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وائس چانسلر نے وزیر خزانہ سے جامعہ تربت میں سینئر فیکلٹی، آئینی اور انتظامی آسامیاں تخلیق کرنے، انہیں مشتہر اور پر کرنے کی منظوری دلوانے میں تعاون کی درخواست کی۔ وائس چانسلر نے اس بات پر زور دیا کہ یہ اقدام نہ صرف مختلف پروفیشنل کونسلز اور ایکریڈیٹیشن اداروں کے قانونی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہے، بلکہ یونیورسٹی کے وژن اور اسٹریٹجک پلان 2030 کے اہداف کے حصول کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ انہوں نے وزیر خزانہ کو آگاہ کیا کہ آئینی آسامیوں کو پر کرنے کے لیے اشتہار پہلے ہی شائع کیا جا چکا ہے اور امیدواروں کی شارٹ لسٹنگ کا مرحلہ بھی مکمل ہو گیا ہے، جبکہ بقیہ مراحل مروجہ قواعد اور آئینی تقاضوں کے مطابق مکمل کیے جائیں گے۔ ڈاکٹر گل حسن نے مزید بتایا کہ یونیورسٹی انتظامیہ نے خالی فیکلٹی اور انتظامی آسامیوں پر بھرتی کا معاملہ حکومت بلوچستان کے محکمہ کالجز، ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کو بھجوا دیا ہے، جسے اب غور و خوض اور حتمی منظوری کے لیے یونیورسٹی فنانس کمیشن کو ارسال کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے وائس چانسلر کو یقین دلایا کہ حکومت بلوچستان جامعہ تربت میں فیکلٹی اور انتظامی آسامیوں کو پر کرنے سمیت تمام درپیش مسائل کے حل کے لیے مکمل تعاون فراہم کرے گی۔

بقیہ 22

اعلیٰ نے ضلع صحبت پور کے غریب ورکروں کیلئے سولر سسٹم اسکیم انرجی ڈیپارٹمنٹ سے منظور کروائی جو کہ ضلع صحبت پور کے ورکروں کیلئے کسی خوشی سے کم نہیں ضلع صحبت پور بلوچستان میں سب سے زیادہ گرم ترین ضلع ہے اور پیپلز پارٹی کے جیالوں کا گڑھ ہے ضلع صحبت پور چار تحصیلوں پر مشتمل ہے سینکڑوں کی تعداد میں پارٹی ورکر پارٹی سرگرمیوں میں مصروف ہیں لاتعداد پارٹی کے ورکر اپنے ضلعی صدر صحبت پور میر محمد یعقوب خان کھوسہ کی مخلصانہ قیادت میں پارٹی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں ہم پیپلز پارٹی کے جیالوں کی حیثیت سے اپنے پیپلز پارٹی کے جیالے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صاحب سے مزید گزارش کرتے ہیں پیپلز پارٹی ضلع صحبت پور کے ورکروں کیلئے مزید سولر انرجی سسٹم کا کوٹہ بڑھایا جائے تاکہ دوسرے ورکر بھی سولر سسٹم اسکیم سے مستفید ہو سکیں امید کرتا ہوں آپ ورکروں کو مایوس نہیں کریں گے۔

بقیہ 23

موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے ٹیموں کو ہدایت کی کہ پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں تک رسائی یقینی بنائی جائے اور کوئی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کا مشترکہ وژن لورالائی کو پولیو وائرس سے پاک بنانا ہے، جس کے لیے والدین اور عوام کا تعاون انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہوئے اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے دو قطرے ضرور پلوائیں اور اس قومی مہم میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کریں۔

بقیہ 24

جامع نگرانی اور بروقت اقدامات کے ذریعے مہم کو کامیاب بنایا جائے۔ انہوں نے والدین، اساتذہ، علمائے کرام اور معاشرے کے تمام طبقات سے اپیل کی کہ وہ محکمہ صحت اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کے لیے حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں ڈپٹی کمشنر نے مہم کے دوران مائیکرو پلاننگ پر موثر عملدرآمد، پولیو ٹیموں کی تربیت، ویکسین اور ضروری سامان کی بروقت فراہمی، کمیونٹی موبلائزیشن اور رہ جانے والے بچوں کی فوری کوریج کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ یونین کونسل، تحصیل اور ضلعی سطح پر روزانہ کی بنیاد پر مہم کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر یاسر طاہر نے بتایا کہ قومی انسداد پولیو مہم 21 سے 24 ستمبر 2026 تک جاری رہے گی، جس کے دوران ضلع گوادر میں پانچ سال تک عمر کے 35 ہزار 664 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ مہم کے لیے 166 موبائل ٹیمیں، 20 سپروائزرز، 38 ایریا انچارجز، 29 فکسڈ سینٹرز اور 12 ٹرانزٹ پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں اس موقع پر ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ ڈاکٹر اورنگزیب، نیشنل پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عبدالوحد، میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ اسپتال کے نمائندہ ڈاکٹر عبدالمجید، ڈپٹی ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر فاروق، پی پی ایچ آئی کے ضلعی منیجر ڈاکٹر منیر احمد سمیت محکمہ صحت کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 25

سیکرٹری فنانس محمد ادریس جان لانگو، رابطہ سیکرٹری میر پیرو ملازئی، سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم اچکزئی، نائب صدر میر عدنان لہڑی، رابطہ سیکرٹری میر سلیم بنگلزئی، نائب صدر صاحبزادہ بسم اللہ خان اور مختلف ڈسٹرکٹ کے عہدیداروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے منشور کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی اور 3 اکتوبر کو ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے تقریب حلف برداری کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے تقریب حلف برداری کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے اپنی اپنی تجاویز پیش کیں اور اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ دو، تین روز میں آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا ایک اجلاس بلا کر تقریب حلف برداری کے پروگرام کیلئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر میر عبدالسلام لانگو نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے ٹھیکیداروں کی نمائندہ تنظیم ہے اور بلوچستان کے تمام اضلاع اور ڈویژن میں ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا انتخاب مکمل ہو چکا ہے اور عہدیداروں کی تقریب حلف برداری کا پروگرام 3 اکتوبر کو کوئٹہ میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایسوسی ایشن بلوچستان کے ٹھیکیدار برادری کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کر رہی ہے اور ایسوسی ایشن کی کوششوں سے اب تک کئی مسائل حل ہو چکے ہیں اور جو مسائل باقی رہ گئے ہیں ان شاء اللہ انہیں بھی جلد حل کرنے کی کوشش کریں گے۔

بقیہ 26

کے حل کے لیے منظم سیاسی جدوجہد، عوامی شعور اور مضبوط تنظیمی ڈھانچہ ناگزیر ہے۔ پارٹی کے مطابق موجودہ سیاسی اور امن و امان کی صورتحال، عوام کو درپیش مشکلات اور مختلف علاقوں میں بدامنی کے واقعات کے تناظر میں سیاسی و جمہوری سرگرمیوں کو منظم انداز میں آگے بڑھانا اہمیت رکھتا ہے۔ ایسے حالات میں پارٹی کارکنوں اور عوام کے درمیان رابطوں کو مضبوط بنانا اور تنظیمی فعالیت میں اضافہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسی سلسلے میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام مختلف علاقائی کانفرنسوں کے انعقاد کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ پارٹی کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق کانفرنسیں درج ذیل تاریخوں اور اوقات میں منعقد ہوں گی: نوحصار علاقائی کانفرنس: 25 ستمبر، شام 4 بجے، تختانی بائی پاس علاقائی کانفرنس: 25 ستمبر، شام 6 بجے، ہزارہ گنجی علاقائی کانفرنس: 26 ستمبر، شام 4 بجے، وزیر کا سی کاریز علاقائی کانفرنس: 27 ستمبر، شام 3 بجے، شالدرہ علاقائی کانفرنس: 2 اکتوبر، شام 3 بجے، لوڑ کاریز غوث آباد علاقائی کانفرنس: 2 اکتوبر، شام 4 بجے، شار علاقائی کانفرنس: 9 اکتوبر، شام 4 بجے، نوے کلی علاقائی کانفرنس: 11 اکتوبر، شام 3 بجے، پشتون باغ علاقائی کانفرنس: 11 اکتوبر، شام 4 بجے، پشتون درہ علاقائی کانفرنس: 23 اکتوبر، شام 6 بجے، پشتون آباد علاقائی کانفرنس: 23 اکتوبر، شام 3 بجے، افغانیہ خروٹ آباد علاقائی کانفرنس: 25 اکتوبر، شام 3 بجے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے تمام عہدیداروں، کارکنوں اور علاقائی یونٹوں کو تاکید کی جاتی ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں کانفرنسوں کی کامیابی کے لیے بھرپور تیاریاں کریں، عوام اور پارٹی کارکنوں کے ساتھ رابطوں کو مزید مضبوط بنائیں اور تنظیمی سرگرمیوں کو منظم و مؤثر بنانے میں اپنا فعال کردار ادا کریں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ان علاقائی کانفرنسوں کے انعقاد کے بعد پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کا شاندار، منظم اور بھرپور ضلعی کانفرنس منعقد کیا جائے گا، جس میں پارٹی کے آئین اور تنظیمی طریقہ کار کے مطابق نئے ضلعی ایگزیکٹوز کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔ پارٹی کارکنوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ تنظیمی نظم و ضبط، اتحاد اور باہمی مشاورت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے علاقائی کانفرنسوں کو کامیاب بنائیں تاکہ ضلع کانفرنس کو بھی بھرپور تیاریوں اور منظم انداز میں منعقد کیا جا سکے۔

بقیہ 27

مقصد بلوچستان بھر میں خواتین کے حقوق کے تحفظ و فروغ، بااختیاری اور بنیادی و ضروری سہولیات تک رسائی کو بہتر بنانے کے لیے باہمی تعاون کو مضبوط بنانا ہے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت دونوں ادارے خواتین کے حقوق اور فلاح و بہبود سے متعلق مشترکہ اقدامات، آگاہی اور معاونت کے لیے تعاون کو فروغ دیں گے جبکہ خواتین کو ضروری خدمات تک بہتر رسائی فراہم کرنے کے لیے باہمی رابطہ اور اشتراک عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔ چیئرپرسن بی سی ایس ڈبلیو کرن بلوچ نے اس موقع پر کہا کہ خواتین کے حقوق کا تحفظ اور انہیں معاشرتی و معاشی طور پر بااختیار بنانا کمیشن کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں اور متعلقہ شراکت داروں کے درمیان مؤثر تعاون کے ذریعے خواتین کو درپیش مسائل کے حل اور ان کے لیے سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کی ترقی، تحفظ اور بااختیاری کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے اور بی سی ایس ڈبلیو اپنے مینڈیٹ کے تحت اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون جاری رکھے گا۔ واضح رہے مفاہمتی یادداشت بلوچستان میں خواتین کے حقوق کے تحفظ، ان کی بااختیاری اور ضروری خدمات تک رسائی کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے

بقیہ 28

خان ترہ کئی، حاکم علی یوہیز، شاہجہان بلوچ، عیسی ہزارہ، رحیم داد شیرانی اور دیگر نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو انکی سالگرہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری ملک، صوبوں اور عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کر رہے ہیں اور وہ واحد نوجوان سیاستدان ہیں جو عوام کی امیدوں کا سہارا بن کر کھڑے ہیں۔ یہ بات انہوں نے پیر کو اخبار مارکیٹ کوئٹہ میں بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹنے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری ملکی سیاست کا محور اور عوام کی امید کی کرن ہیں عوام کی طاقت سے انہیں ملک کا آئندہ وزیر اعظم بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے جمہوریت، آئین اور عوام کے حقوق کی جدوجہد کو آگے بڑھایا ہے ان کی سیاسی جدوجہد عوامی خدمت اور جمہوری اقدار سے وابستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھٹو خاندان کی جمہوریت اور عوام کے لیے دی گئی قربانیاں ملکی تاریخ کا اہم باب ہیں شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی قربانیوں کی میراث بلاول بھٹو زرداری کے عزم کو تقویت دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے نوجوان نسل کو سیاست میں فعال کردار ادا کرنے اور پاکستان کے مستقبل کو جمہوری اصولوں سے جوڑنے کا حوصلہ دیا۔ اس موقع پر سید سعد اللہ ساہو اور دیگر رہنماؤں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا۔

بقیہ 29

کے ارکان اور محکمہ صحت کے دیگر متعلقہ اہلکار بھی موجود تھے۔ اس موقع پر انہوں نے بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے۔ اس موقع پر میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے والدین، عوام، محکمہ صحت اور معاشرے کے تمام طبقات کی مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں اور گھر گھر آنے والی پولیو ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ انسداد پولیو مہم کے دوران کوئی بھی بچہ حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے اور تمام علاقوں میں پولیو ٹیموں کی موثر رسائی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ پولیو کے خاتمے کے قومی مشن میں محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ دریں اثناء ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع کیچ میں انسداد پولیو مہم کے لیے 315 موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جبکہ بچوں تک رسائی یقینی بنانے کے لیے 71 فکسڈ مراکز اور 9 ٹرانزٹ پوائنٹس بھی قائم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چار روزہ انسداد پولیو مہم 21 سے 24 ستمبر تک جاری رہے گی، جس کے دوران پولیو ٹیمیں ضلع بھر میں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ محکمہ صحت کی جانب سے والدین اور عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 30

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عمومی کا اجلاس 8 اکتوبر کو منعقد ہوگا جس میں جماعتی نظم و ضبط، تنظیمی امور، کوئٹہ میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور شہری مسائل سمیت اہم امور پر غور و خوض کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس کے لیے دعوت نامے تیار کیے جا چکے ہیں جو متعلقہ یونٹوں کے ذریعے اراکین عمومی تک بروقت پہنچائے جائیں گے۔ اجلاس میں شرکت کے لیے دو ہزار سے زائد اراکین عمومی کو دعوت نامے جاری کیے جا چکے ہیں انہوں نے تمام اراکین عمومی پر زور دیا کہ وہ اپنے متعلقہ یونٹ کے ذمہ داران سے رابطے میں رہتے ہوئے دعوت نامہ بروقت وصول کریں اجلاس کے مقررہ وقت اور مقام پر اپنی شرکت یقینی بنائیں اور جماعتی نظم و ضبط کی پاسداری کرتے ہوئے اجلاس کو منظم اور کامیاب بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ اراکین عمومی کی شرکت محض ایک رسمی حاضری نہیں بلکہ جماعتی مشاورت، تنظیمی استحکام اور آئندہ کے لائحہ عمل کی تشکیل میں ان کی دستوری و جماعتی ذمہ داری کا تقاضا ہے۔ انہوں نے یونٹ امراء و نظماء عمومی کو بھی ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے یونٹ کے اراکین عمومی تک دعوت ناموں کی بروقت ترسیل اجلاس کی اطلاع اور اراکین کی شرکت کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن سے رابطہ کریں۔

بقیہ 31

اجلاس میں پولیو مہم کی کوریج، ٹیموں کی کارکردگی، فیلڈ نگرانی اور درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا، جبکہ پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی اور حفاظتی انتظامات سے متعلق امور پر بھی غور کیا گیا۔ مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے ہر بچے تک رسائی اور کسی بھی بچے کے ویکسین سے محروم نہ رہنے کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے مہم کے مقررہ اہداف حاصل کیے جائیں، فیلڈ ٹیموں کی موثر نگرانی کی جائے اور سیکیورٹی سمیت دیگر درپیش مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے

بقیہ 32

مت کے کاموں کا معائنہ کیا اور مختلف حصوں میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے منصوبوں کی موجودہ پیش رفت کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ سب ڈویژنل آفیسر مواصلات و تعمیرات بلڈنگز محمد صدیق زہری نے ڈپٹی کمشنر خالد خان کو جاری تعمیراتی کاموں، منصوبوں کی پیش رفت اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت شروع کیے گئے ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں، ان منصوبوں کی تکمیل سے شہریوں کو صحت کی بہتر سہولیات جبکہ طالبات کو تعلیمی ماحول اور بنیادی سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ جاری تعمیراتی کاموں میں مزید تیزی لائی جائے اور کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، جبکہ منصوبوں کی باقاعدگی سے نگرانی کرتے ہوئے مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس امر پر بھی زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں استعمال ہونے والے تعمیراتی سامان کے معیار کو یقینی بنایا جائے اور تمام کام منظور شدہ ڈیزائن اور تخمینے کے مطابق مکمل کیے جائیں، تاکہ عوام کو دیرپا اور معیاری سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کی مسلسل نگرانی جاری رکھے گی اور عوامی مفاد میں جاری منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی سستی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 33

فوکل پرسن سید اقبال شاہ، صوبائی رہنماں حاجی خان محمد بڑیچ، حیات خان اچکزئی اور اختر بلوچ، پیپلز لیبر بیورو کے صدر شاہجہان گجر، میر یوسف بنگلزئی، کوئٹہ سٹی کے سینئر نائب صدر سید ایوب آغا، نائب صدر زبیر بڑیچ سمیت دیگر پارٹی رہنماں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر پارٹی رہنماں نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹا اور انہیں سالگرہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی صحت، درازی عمر اور سیاسی کامیابیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی جمہوریت، عوامی خدمت اور عوام کے حقوق کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، جبکہ پارٹی قیادت کی رہنمائی میں عوامی مسائل کے حل اور بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔

بقیہ 34

کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے فوری کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی، جبکہ دیگر مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ عوامی خدمت اور لوگوں کے مسائل کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ عوام کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے اور جائز مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اس موقع پر ملاقات کرنے والے افراد نے اپنے مسائل سننے، فوری کارروائی اور حل کی یقین دہانی پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ کا شکریہ ادا کیا اور ان کے عوام دوست رویے کو سراہا۔

بقیہ 35

گئے اور ٹینکر کو نقصان پہنچا مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 36

اساتذہ کی تنخواہوں میں کٹوتی سے متعلق ڈیٹا بھی اجلاس کے سامنے رکھا گیا۔ یونیسف آفیسر کی جانب سے کوئٹہ کے 6 اسکولوں میں ترقیاتی کاموں سے متعلق ڈیٹا پیش کیا گیا، جبکہ یونیسف کی جانب سے مختلف اسکولوں میں فراہم کی جانے والی اسکول ٹریننگ سے متعلق رپورٹ بھی اجلاس میں پیش کی گئی۔ اجلاس میں تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی حاضری، ریکارڈ کی درستگی، ترقیاتی امور اور تعلیمی نظام کی موثر نگرانی کو یقینی بنانے کے حوالے سے مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 37

نے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کمپنیوں، ہوٹلز، ہسپتالوں اور دیگر مختلف شعبوں کے آڈٹ کے عمل کو مزید تیز، موثر اور شفاف بنایا جائے گا، تاکہ ٹیکس نظام میں شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے صوبائی ریونیو میں اضافہ کیا جا سکے اس موقع پر بتایا گیا کہ گوادر میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا دفتر فعال کر دیا ہے، جس سے گوادر اور گردونواح میں ٹیکس سے متعلق امور کی نگرانی اور ٹیکس دہندگان کو خدمات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی۔ اس کے علاوہ جیولرز، بیکریوں، پراپرٹی ڈیلرز، کار شوروم، پانی فراہم کرنے والی کمپنیوں اور دیگر متعلقہ کاروباری شعبوں کو بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ٹیکس دائرہ کار میں لانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ یوٹیوبرز اور آن لائن کاروبار سے وابستہ افراد و اداروں کو بھی قانونی تقاضوں کے مطابق بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ٹیکس دائرہ کار میں شامل کرنے کے لیے اقدامات تیز کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا، ٹیکس وصولی کے نظام کو شفاف بنانا اور کاروباری سرگرمیوں کو دستاویزی شکل دینا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ٹیکس قوانین پر موثر عمل درآمد کے ساتھ ساتھ ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جدید کاروباری رجحانات اور آن لائن معیشت کو بھی ٹیکس نظام کا حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، جبکہ تمام اقدامات قانون اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق ہونی چاہیے اجلاس میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی کارکردگی مزید بہتر بنانے اور صوبائی آمدن میں اضافے کے لیے مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 38

نے دھرتی کے لئے لہو کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے پیغام دیا ہے کہ ہم سب مل کر دہشتگردی کے ناسور کا خاتمہ کریں گے۔ اور دہشتگردی کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا فیلڈ مارشل کی قیادت میں پاک فوج جو دہشتگردی کے خاتمے کے لئے کوشاں ہے ی۔ یہ بتائیں لاینڈ آرڈر کا فنڈ جو کے پی کے کو ملتا ہے وہ کہاں جاتا ہے یہاں پولیس کو فرانزک لیب تک کی سہولت موجود نہیں۔ کروڑوں روپے یہ ہڑپ کر جاتے ہیں اور صوبے کی فلاح کے لئے کچھ نہیں کرتے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ جنید اکبر نے اسلام آباد کو جو سومنات بنانے کا بیان دیا اس پر معافی مانگیں۔ اللہ سے ڈریں ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی کوششیں ترک کریں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی صوبے پر ساڑھے بارہ سالہ حکومت کے دور میں کئے جانے والے کاموں کا عوام کو جواب دے۔ انہوں نے کتنے سکول، ہسپتال، سڑکیں بنائیں۔ یہ صرف سوشل میڈیا کے پوسٹیں اچھی لگا سکتے ہیں۔ ان سے کہتے ہیں ہم تعمیر و ترقی کرتے رہیں گے آپ تباہی کے راستے پر گامزن رہیں۔ ان کے پاس فنڈز بھی موجود ہیں وسائل بھی موجود ہیں بس ان کی نیت کی ہے۔ انکو مینڈیٹ ملا ہے کہ بس تمام تر دھیان اپنے لیڈر کو آزاد کرانے پر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ انکو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ اپنے لیڈر کی رہائی کیلئے قانونی طریقہ ہے اس کے لئے عدالتوں میں جائیں سڑکوں پر نہیں دھرنوں سے کوئی رہا نہیں ہوتا۔ انہوں نے دو ٹوک الفاظ میں کہا کسی کو اسلام آباد کی طرف نہیں آنے دیں گے۔ یلغار کی کوشش کی تو نتائج کے ذمہ دار خود ہوں گے۔ دھرنوں کے بجائے اپنے صوبے کے عوام کی خدمت کریں اگر نہیں تو ایک وقت آئے گا کے پی کے لوگ آپ کا گریبان پکڑیں۔ لوگ پوچھیں گے کہ انکی فلاح کے لئے ملنے والے فنڈز کہاں لگائے۔ یہ کہتے ہیں تعمیر و ترقی ہمارا کام نہیں۔ لیکن ہم اب انکی نیت اور طبیعت دونوں ہی ٹھیک کریں گے۔ ان سے اگر کچھ نہیں ہوتا تو کرسی سے اتر کیوں نہیں جاتے۔ انہوں نے شہدا اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ انشاء اللہ دہشتگردی کا خاتمہ ہوگا۔

بقیہ 39

جڑ سے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، کوہاٹ افسوسناک واقعہ کے وقت وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کہاں تھے؟ یہاں ورکرز سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ آج کوہاٹ کی فضا، سوگوار ہے، دھرتی کے بہادر جوانوں نے ملکی دفاع کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، سی ایم ایچ کوہاٹ میں زیر علاج زخمی جوانوں کا جذبہ دیدنی ہے، فوج اور پولیس کے جوانوں اور افسران نے بہادری سے آپریشن میں حصہ لیا، ہم سب مل کر دہشت گردی کے ناسور کو ختم کر کے دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بزدل دہشت گرد چھپ کر وار کر رہے ہیں، شہید فہیم کے والد کا کہنا ہے کہ بیٹے کی شہادت قابل فخر لمحہ ہے، دہشت گرد اس قوم کے جذبے کو کم نہیں کر سکتے، دہشت گردی کے جڑ سے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، کوہاٹ افسوسناک واقعہ کے وقت وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کہاں تھے؟ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے لئے لاہور کی سڑکوں پر موجود تھے، ان کے پاس انتشار کی سیاست کا وقت ہے، اپنے صوبے کے عوام کیلئے وقت نہیں، سہیل آفریدی نے 15 منٹ ہیلی کاپٹر پر چکر لگایا اور چلے گئے، تعلیم، صحت اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے آپ نے کیا کیا ہے؟ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت صرف سوشل میڈیا پر پوسٹیں لگانا جانتی ہے، صوبے میں پولیس کو سہولت کے لئے فرانزک لیب تک موجود نہیں، من پسند لوگوں کو ٹھیکے دے کر بھتے وصول کئے جاتے ہیں، صوبے میں کرپشن کے نئے ریکارڈ قائم کئے جا رہے ہیں، اسلام آباد کو بند کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی، مسلح جتھے کو اسلام آباد کی طرف آنے نہیں دیا جائے گا، پی ٹی آئی والے بھی پرامن نہیں رہے، پرامن احتجاج ان لوگوں کی روایت نہیں، یہ پرامن لوگ گھروں سے کیل لگے ڈنڈے لے کر نہیں نکلتے، پی ٹی آئی والوں سے حساب لیا جائے گا، فنڈز کے بہانوں کے پیچھے انہیں چھپنے نہیں دیں گے، وزیر اطلاعات نے کہا کہ کوہاٹ میں تیل اور موٹروے جیسے منصوبے محمد نواز شریف نے بنائے، خیبر پختونخوا میں جنگلات کاٹے جا رہے ہیں، جعلی سگریٹس کی فیکٹریاں پکڑی گئی ہیں، خیبر پختونخوا میں گولڈ مائننگ کے ٹھیکے کن لوگوں کو دیے گئے؟ صوبے کا ترقیاتی فنڈ کہاں خرچ ہو رہا ہے، کسی کو پتہ نہیں۔

بقیہ 40

ان نہ صرف اپنے مستقبل کو بہتر بنائیں بلکہ ملک و قوم کے مستقبل کی تعمیر میں بھی اپنا کردار ادا کریں۔ اس ضمن میں وائس چانسلر محض کسی اعلیٰ تعلیمی ادارے کا سربراہ ہی نہیں ہوتا بلکہ وہ نوجوان نسل کے مستقبل، جدید ریسرچ کے فروغ اور معاشرے کی فکری سمت کے تعین میں بھی کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ ہماری مشترکہ کاوشوں سے تمام سرکاری یونیورسٹیوں کو معیار اور مقدار کے اعتبار سے بلند تر مقام تک پہنچانے میں ہم کامیاب ہوئے ہیں جو سب کیلئے باعث فخر و مسرت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں گوادر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رزاق صابر اور تربت یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کی وسیع و عریض ساحلی پٹی میں مستقبل کی ایک بڑی معاشی و تجارتی صلاحیت موجود ہے۔ گوادر اور تربت صرف جغرافیائی اہمیت نہیں رکھتے بلکہ بلیو اکانومی، میری ٹائم ٹریڈ، ماہی گیری، کوسٹل مینجمنٹ اور سمندری وسائل کے حوالے سے بھی غیر معمولی امکانات رکھتے ہیں۔ اس روشن مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے گوادر یونیورسٹی اور تربت یونیورسٹی دونوں کے کندھوں پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں کہ وہ اپنے تعلیمی پروگرامز اور تحقیقی ترجیحات کو اپنی مقامی معاشی ضروریات سے ہم آہنگ کریں اور یونیورسٹی طلباء و طالبات کو بلیو اکانومی، کوسٹل بیلٹ مینجمنٹ، میرین سائنسز اور فشریز کی تجارت سمیت جدید شعبوں کیلئے تیار کریں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ آج کی دنیا میں قدرتی وسائل سے زیادہ اہم انسانی وسائل ہیں۔ اگر ہمارے نوجوان معیاری تعلیم، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور جدید مہارتوں سے لیس ہوں تو بلوچستان کے وسائل بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار، کاروبار اور خوشحالی کے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ میری اولین ترجیح کوالٹی ایجوکیشن کا فروغ ہے۔ اس خواب کو حقیقت میں بدلنے کیلئے تمام وائس چانسلرز صاحبان اور دیگر متعلقہ ذمہ داران کا بھرپور تعاون اشد ضروری ہے۔

بقیہ 41

بوقت صبح 00:11 تا 00:01 بجے سہ پہر کو نیب (بلوچستان) کے دفتر واقع شاہراہ گلستان کوئٹہ کینٹ میں کیا جائے گا درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔ 1۔ نام بمعہ ولدیت 2۔ کاپی قومی شناختی کارڈ 3۔ مکمل پتہ/ ایڈریس 4۔ نشان انگوٹھا/ دستخط 5۔ رابطہ نمبر موبائل/ گھر/ ای میل واضح کیا جاتا ہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب گم نام/ فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا۔ صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں ان پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ ایسی شکایات پر کارروائی سے قبل شکایات کنندگان سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر لیا جائے گا۔ ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیب میں شکایات مندرجہ ذیل طریقہ سے جمع کروائی جا سکتی ہیں۔ 1۔ بذریعہ ڈاک/ بذات خود نیب بلوچستان دفتر واقع شاہراہ گلستان، کوئٹہ کینٹ 2۔ بذریعہ ای میل balochistan@nab.gov.pk 3۔ بذریعہ ڈاک/ بذات خود نیب کے دفتر شکایات واقع DC آفس اسکیپ روڈ کوئٹہ 4۔ بذریعہ کھلی کچہری ڈائریکٹر جنرل سے بالمشافہ ملاقات کے ذریعے (ہر ماہ کی آخری جمعرات) (مزید معلومات کیلئے علاقائی دفتر شکایات نیب بلوچستان کے فون نمبرز: 081-9203614، 081-9203468 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے

جائز مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی وزیر کی بات چیت

لوگوں کے مسائل کا ازالہ حکومتی اولین ترجیحات میں شامل ہے، نور محمد دمڑ

عوام کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کمیونیٹی منیجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے ان کے دفتر میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں اور عوامی وفود نے ملاقات کی اور اپنے درپیش مسائل ومشکلات سے آگاہ کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے عوام کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو سنجیدگی سے سنا اور متعلقہ امور پر تفصیلی غور کیا۔ انہوں نے بعض مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی متعلقہ حکام (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

کوئٹہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

کوئٹہ کے 6 اسکولوں میں ترقیاتی کاموں سے متعلق ڈیٹا پیش

کوئٹہ (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر، یوسف کوآرڈینیٹر، تمام متعلقہ ڈی ڈی اوز (میل/فیمیل) اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم سے متعلق ریشنلائزیشن ڈیٹا، غیر حاضر ملازمین کا ریکارڈ اور نئے کنٹریکٹ ملازمین کا ڈیٹا پیش کیا گیا اور اس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر RTMM کی جانب سے ضلع کے تمام اسکولوں میں حاضر اور غیر حاضر اساتذہ کا ڈیٹا بھی پیش کیا گیا، جبکہ غیر حاضر (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

بختیار آباد کے علاقے نامعلوم مسلح افراد کی آئل ٹینکر پر فائرنگ سے ٹینکر کو نقصان پہنچا

کوئٹہ (آن لائن) بختیار آباد کے علاقے نامعلوم مسلح افراد کی آئل ٹینکر پر فائرنگ سے ٹینکر کو نقصان پہنچا تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بختیار آباد کے علاقے میں قومی شاہراہ پر مسلح افراد نے آئل ٹینکر پر فائرنگ کی جس سے ٹینکر کے ٹائر پھٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات کی زیر صدارت بی آر اے سے متعلق اجلاس

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ٹیکس دائرہ کار میں شامل کرنے کے لیے اقدامات تیز کرنے پر اتفاق

ٹیکس وصولی کے نظام کو شفاف بنانا اور کاروباری سرگرمیوں کو دستاویزی شکل دینا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی کارکردگی، ٹیکس وصولی میں بہتری اور ریونیو بیس کو وسیع کرنے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اوران پر ہو (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان سے انفارمیشن کمشنر عبدالشکور ملاقات کر رہے ہیں

عبدالکبیر خان زرکون اور ڈی جی نیوٹیک کی ملاقات

بین الاقوامی سطح پر روزگار کے قابل بنانے کیلئے باہمی تعاون کو فروغ دینے کا فیصلہ

ترجیحی بنیادوں پر اعلیٰ فنی تربیت اور روزگار کی فراہمی میں اہمیت دی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (B-TEVTA) اور نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (NAVTTC) نے صوبے کے نوجوانوں کو جدید فنی وٹیکنیکل تربیت فراہم کر کے بین الاقوامی سطح پر روزگار کے قابل بنانے کے لیے باہمی تعاون کو فروغ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس عزم کا اعادہ ایم ڈی بی ٹیوٹا (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

چمن میں 7 روزہ انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز

معاشرے کے تمام طبقات کے مشترکہ تعاون کو ناگزیر قرار دیا

چمن (خ ن) ضلع چمن میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز بلوچستان بھر کی طرح ضلع چمن میں بھی 7 روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے اپنے دفتر میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلا کر مہم کا (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

عوامی خدمت، نوجوانوں کی رہنمائی اور قومی سیاست میں بلاول بھٹو زرداری کا کردار قابلِ قدر ہے، میر لیاقت لہڑی

بلاول بھٹو زرداری کو سالگرہ پر میر لیاقت لہڑی کی دلی مبارکباد

بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے اس خوشی کے موقع پر پوری قوم اور پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان کیلئے یہ دن مسرت کا باعث ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان اور پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو سالگرہ کے موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں میر لیاقت علی لہڑی نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کا عوامی خدمت کے لیے عزم اور پاکستان کے عوام کے لیے ان کی خدمات (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

زونگ اور آئی ایس پی نے پاکستان میں اپنی طرز کا پہلا اسمارٹ ویسٹ مینجمنٹ نظام متعارف کروادیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے معروف ٹیکنالوجی سروسز ادارے زونگ نے آئی ایس پی انوائرنمنٹل سلوشنز (آئی ایس پی ای ایس) کے اشتراک سے پیکو ڈراپ متعارف کروا دیا ہے، جو پاکستان میں اپنی نوعیت کے پہلے اسمارٹ ویسٹ مینجمنٹ اسٹیشنز ہیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

ملاوٹی دودھ و دہی کے خلاف بی ایف اے کی کارروائیاں تیز

14 دودھ فروش جرمانہ، 320 لیٹر ملاوٹی دودھ اور دہی کی بڑی مقدار تلف

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ہدایات کی روشنی میں ملاوٹی دودھ اور دہی کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی خصوصی مہم جاری ہے جس کے تحت کوئٹہ اور لورالائی میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے دودھ کی دکانوں، دودھ بردار گاڑیوں اور سپلائی ذرائع کی بھرپور چیکنگ کی۔ نوحصار، تیزی چوک، خدائیداد روڈ، کاسی روڈ، کواری روڈ اور ملحقہ علاقوں سمیت لورالائی میں کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 64 فوڈ بزنس یونٹس کا معائنہ کیا گیا، جبکہ 14 یونٹس کو جرمانے عائد کیے گئے۔ موبائل لیبارٹریز کے ذریعے موقع پر 12,520 لیٹر دودھ اور 600 کلو دہی کی (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

پیپلز پارٹی عوام کے حقوق کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، علی مدد جتک

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے پرمسرت موقع پر کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد

پارٹی قیادت کی رہنمائی میں عوامی مسائل کے حل اور بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے پرمسرت موقع پر کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پارٹی کے صوبائی قائدین، عہدیداران اور مقامی رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے اپنی محبت، عقیدت اور سیاسی وابستگی کا اظہار کیا۔ تقریب میں پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک، وزیراعلیٰ بلوچستان کے (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کا جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

طالبات کو تعلیمی ماحول اور بنیادی سہولیات میسر آئیں گی، بات چیت

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ضلع جعفرآباد میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو منصوبوں کی بروقت تکمیل، تعمیراتی معیار اور کام کی رفتار کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے سول ہسپتال اور گورنمنٹ کالج میں جاری تعمیر ومر (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

ڈپٹی کمشنر برشور کا اعلامیہ جاری

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق، عوام کے مسائل کے فوری حل کے لیے 24 ستمبر (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

کوئٹہ، موثر نفاذ، مقامی اختراعات، تحقیق اور تکنیکی استعدادکار کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کوئٹہ (خ ن) محکمہ صحت، حکومت بلوچستان اور ناروے کی ممتاز یونیورسٹی آف اوسلو کے HISP سینٹر کے درمیان بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ نظام کو مزید مستحکم بنانے، DHIS2 (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت اجلاس

دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے مہم کے مقررہ اہداف حاصل کیے جائیں

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت قومی انسداد پولیو مہم کی پیش رفت، انتظامات اور کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور، ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر یاسر طاہر، ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ جہانزیب خان، ڈپٹی ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر فاروق اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

کسان کارڈ کے حصول کیلئے کسی بھی پی سی او یا غیر متعلقہ ایجنٹ کو چارجز ادا نہ کریں، محکمہ زراعت کوہلو کا اعلامیہ

کوہلو (خ ن) محکمہ زراعت توسیع کوہلو کے دفتر سے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق تمام کسان کارڈ ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کسان کارڈ کے حصول کے لیے کسی بھی پی سی او یا غیر متعلقہ ایجنٹ کو چارجز ادا نہ کریں۔ کسان کارڈ (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

جمعیت علماء اسلام کوئٹہ کی ضلعی مجلس عمومی کا اجلاس طلب

اراکین کی شرکت کو یقینی بنانے کے لیے ہر رکن سے رابطہ کریں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ بشیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی ڈسٹرکٹ ہیلتھ گروپ کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کیچ میں چار روزہ انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز

ٹیچنگ ہسپتال تربت میں افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا

تربت (خ ن) ضلع کیچ میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں ٹیچنگ ہسپتال تربت میں افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جہاں ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالروف بلوچ، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی، ڈبلیو ایچ او کیچ کے ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر ارسلان، ظریف عالیان، پولیو ٹیموں (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

بلاول بھٹو زرداری ملک، صوبوں اور عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کر رہے ہیں، سید سعد اللہ شاہ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنماؤں سید سعد اللہ شاہ، سید محمد داد آغا، وڈیرہ محمد انور ہنگلزئی، ڈاکٹر دیدار اچکزئی، عبدالغنی سالانی، ملک روزی (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت اجلاس

زیرو ڈوز، این اے، مسڈ اور ریفیوزلز کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی

فیلڈ عملہ ہر گھر تک رسائی یقینی بنائے اور مانیٹرنگ ٹیمیں مسلسل کارکردگی کا جائزہ لیتی رہیں

سیوی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت پولیو مہم کے پہلے روز کا ایوننگ ریویو اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سیوی عمران مندوخیل، اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان ہنگلزئی، ڈی ایچ او ڈاکٹر قادر ہارون، این اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر شہزادہ کامران اور ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر صلاح الدین مری سمیت ادارہ صحت عالمی (ڈبلیو ایچ او)، یونیسیف اور آئی ایس ڈی کے افسران کے علاوہ یو سی ایم اوز، مانیٹرز اور دیگر متعلقہ عملے نے شرکت کی۔ اجلاس میں تمام یو سی ایم اوز اور مانیٹرز نے متعلقہ یونین (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

مستونگ، مسلح افراد نجی بینک سے لاکھوں روپے لوٹ کر اور سی سی ٹی وی کیمروں کو فائرنگ کر کے ناکارہ بنا کر فرار ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ میں مسلح افراد دن دیہاڑے نجی بینک سے لاکھوں روپے لوٹ کر اور سی سی ٹی وی کیمروں کو فائرنگ کر کے ناکارہ بنا کر فرار ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز درجنوں مسلح افراد اسلحہ کے زور پر نجی بینک میں داخل ہوئے عملے اور وہاں پر موجود لوگوں کی موجودگی میں انہیں یرغمال بنا کر بینک سے لاکھوں روپے کی نقدی لوٹ کر جاتے ہوئے بازار میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کو فائرنگ سے ناکارہ بنا کر فرار ہوگئے مزید کارروائی مستونگ پولیس کر رہی ہے۔

کرن بلوچ نے پی پی ایچ آئی بلوچستان کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کی چیئرپرسن کرن بلوچ نے پی پی ایچ آئی بلوچستان کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے ہیں، جس کا (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

اللہ تعالیٰ بلاول بھٹو زرداری کو صحت، کامیابی، استقامت اور مزید عوامی خدمت کی توفیق عطا فرمائے

سینیٹر بلال مندوخیل کی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو سالگرہ پر مبارکباد

عوامی خدمت کے لیے بلاول بھٹو زرداری کا عزم اور پاکستان کے عوام کے لیے ان کی خدمات قابلِ قدر ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو سالگرہ کے موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ عوامی خدمت کے لیے بلاول بھٹو زرداری کا عزم اور پاکستان کے عوام کے لیے ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔

ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکریم خان زرکون ورلڈ سکل مقابلے میں حصہ لینے امیدواروں میں سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

آل پارٹیز کیچ کو کامیاب احتجاج پر مبارکباد اور عوامی شعور کو خراج تحسین

کوئٹہ (آن لائن) کیچ کے عوام نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ وہ حقیقی سیاسی جماعتوں، جمہوری جدوجہد اور عوامی حقوق کی آواز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ عوام کی بھرپور شرکت اس امر کا واضح اظہار ہے کہ کیچ کے باشعور عوام اپنے سیاسی، جمہوری اور بنیادی حقوق کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے فائزہ شاہ کی قیادت میں خواتین ٹیچرز کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ضلعی ایجوکیشن آفیسر تعلیم گوادر زاہد حسین بلوچ کا تحصیل پسنی کا دورہ

پسنی (خ ن) ضلعی ایجوکیشن آفیسر تعلیم گوادر زاہد حسین بلوچ نے تحصیل پسنی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول مستانی ریک بازار کا معائنہ کرتے ہوئے جاری ترقیاتی منصوبوں، تعلیمی سہولیات اور درس و تدریس کی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا جہاں پر اسکول (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

بلوچستان کی صنعتی ترقی میں ضلع حب ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، سائرہ عطاء

سیف سٹی پراجیکٹ کے AI مانیٹرنگ کے انضمام اور اسٹریٹ کرائم کو روکنے میں مدد ملی ہے

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا نے کہا ہے کہ بلوچستان کی صنعتی ترقی میں ضلع حب ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے کوئٹہ میں رول آؤٹ کے بعد حکومت بلوچستان (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

بلاول بھٹو زرداری صرف ایک شخصیت کا نام نہیں، روزی خان کاکڑ

شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے ادھورے مشن کی تکمیل کا استعارہ ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ، کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی 38 ویں سالگرہ پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ہمیشہ نوجوانوں کو ملک کا قیمتی سرمایہ سمجھا ان کی قیادت میں تعلیمی پروگرامز اور یونیورسٹیز کے قیام پر خصوصی توجہ دی گئی جو اقدامات انہوں نے پاکستان کے مستقبل کے معماروں کی تعلیم اور ترقی کیلئے اٹھائے اس پر پوری قوم انہیں عقیدت بھرا سلام پیش کرتی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں ا (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

نال گرد و نواح میں آوارہ کتوں کی بہتات، بیزن پور میں تعداد میں اضافہ

کوئٹہ (آن لائن) نال اور گرد و نواح کے مختلف علاقوں، بالخصوص بیزن پور ایریا میں آوارہ کتوں کی تعداد میں اضافہ ہو گیا ہے، جس کے باعث خواتین اور بچے خوف میں مبتلا ہیں۔ علاقہ مکینوں نے متعلقہ حکام اور میونسپل کمیٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ بیزن پور سمیت نال کے دیگر (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

بلاول بھٹو کو 38 ویں سالگرہ پر مبارکباد دیتے ہیں، سردار سربلند جوگیزئی

پاکستان کو جدید، ترقی یافتہ اور خوشحال ملک بنانا بلاول بھٹو زرداری کا وژن ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو 38 ویں سالگرہ پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ وفاق پاکستان کی مضبوطی اور چاروں اکائیوں کی یکجہتی بلاول بھٹو زرداری کے وژن کی مرہون منت ہے، بلاول بھٹو زرداری نوجوان نسل کیلئے امید کی آخری کرن ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سردار سربلند جوگیزئی نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری جمہوری سیاست کی نئی نسل کی توانا آواز ہیں اور وہ شہید محترمہ بےنظیر بھٹو کے جمہوری مشن کو آگے بڑھا (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

ٹینڈرنگ کے عملے کو شفاف بنایا جائے گا، نثار بگٹی

ترقیاتی کاموں کیلئے ٹینڈرز شفاف طریقے سے اوپن کر دیئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر ٹیکنیکل ساتھ (پروجیکٹ کوآرڈینیٹر) نثار احمد بگٹی نے کہا ہے کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ نے بلوچستان کے مختلف ڈسٹرکٹ میں ترقیاتی کاموں کیلئے ٹینڈرز شفاف طریقے سے اوپن کر دیئے ہیں ٹھیکیداروں کو چاہئے کہ وہ ترقیاتی کام مقررہ مدت میں مکمل کریں تاکہ عوام ان ترقیاتی کاموں سے مستفید ہو سکیں۔ یہ بات انہوں نے ڈی جی لوکل گورنمنٹ کے دفتر میں ٹینڈر اوپن کرنے کے موقع پر ٹھیکیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر اسسٹنٹ انجینئر احسان نذیر بھی موجود تھے۔ نثار احمد بگٹی نے کہا کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی، ڈی سی نصیر آباد

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر کمار نے آج بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع نصیر آباد میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیر آباد ڈاکٹر ایاز حسین جمالی اور عالمی ادارہ صحت WHO کے نمائندہ ڈاکٹر عبد (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

بلوچستان کے 32 اضلاع میں سات روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح

والدین پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو کے قطرے ضرور پلائیں، انعام الحق

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمن پانیزئی اور کوآرڈینیٹر ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان انعام الحق نے ای او سی بلوچستان میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا۔ مہم کے دوران صوبے میں پانچ سال سے کم عمر 23 لاکھ بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی کے مطابق بلوچستان میں 24 ماہ سے پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، تاہم ضلع ژوب اور چمن کے سیمپلز میں وائرس (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

کوئٹہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام مختلف علاقائی کانفرنسوں کے انعقاد کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے

منظم سیاسی جدوجہد، عوامی شعور اور مضبوط تنظیمی ڈھانچہ ناگزیر ہے، پشتونخوا نیپ

سیاسی، معاشی، سماجی اور تعلیمی مسائل کے حل کے لیے منظم سیاسی جدوجہد، عوامی شعور اور مضبوط تنظیمی ڈھانچہ ناگزیر ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ پارٹی قومی اہداف کیلئے اپنے قومی، جمہوری اور ترقی پسند بیانیے کے تحت پشتون قومی وحدت، قومی خودمختاری، جمہوریت، آئین کی بالادستی، بنیادی انسانی حقوق، سماجی انصاف اور عوام کے حق حکمرانی کے لیے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے۔ پارٹی کا موقف ہے کہ پشتونخوا وطن کے عوام کو درپیش سیاسی، معاشی، سماجی اور تعلیمی مسائل (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

انسدادِ پولیو مہم 21 سے 24 ستمبر 2026 تک جاری رہے گی، ڈی سی خضدار

اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کیلئے حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں، نقیب اللہ کاکڑ

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے پانچ سالہ بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع گوادر میں قومی انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع گوادر میں پانچ سال تک عمر کا کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطروں سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ موثر رابطہ کاری، (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

صحبت پور کے غریب ورکروں کیلئے سولر سسٹم کی منظوری خوش آئند ہے، محمد یعقوب

صحبت پور (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی صحبت پور کے صدر محمد یعقوب خان کھوسہ سینئر کارکنان ظہور احمد لاشاری غلام عباس برڑو سوالی خان کھوسہ یار محمد گولا شوکت علی سیوانی اور دیگر نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی میڈم غزالہ گولہ صاحبہ سے گزارش کرتا ہوں پیپلز پارٹی صحبت پور کے غریب ورکروں کے بچوں اور بچیوں کیلئے تعلیمی اسکالرشپ اور تعلیمی وظائف مقرر کیا جائے تاکہ غریب ورکروں کے بچوں کا آنے والا مستقبل بہتر ہے اور جس طرح آپ وزیر (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

پولیو مہم کے پہلے روز اسسٹنٹ کمشنر کے مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس کے دورے

لورالائی (خ ن) پولیو مہم کے پہلے روز اسسٹنٹ کمشنر کے مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس کے دورے لورالائی میں 21 سے 24 ستمبر تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کے پہلے روز اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس کا دورہ کیا اور فیلڈ میں موجود پولیو ٹیموں کی کارکردگی، انتظامات اور بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

جامعہ تربت کے وائس چانسلر کا صوبائی وزیر خزانہ سے ملاقات

فیکلٹی اور انتظامی آسامیوں پر بھرتی کیلئے تعاون کی درخواست

آسامیوں کو پر کرنے کیلئے اشتہار پہلے ہی شائع کیا جا چکا ہے، گفتگو

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے کوئٹہ میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے اہم ملاقات کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ حافظ محمد قاسم بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران یونیورسٹی کو درپیش مالی مشکلات، یونیورسٹی فنانس کمیشن کے آئندہ اجلاس، اور سینئر فیکلٹی و انتظامی عملے کی کمی کے باعث یونیورسٹی میں پیدا ہو (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

کوئٹہ پولیس کارروائی 5 ملزمان کو گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، سنیچرز، نامزد ملزمان اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ، ایمونیشن، بھاری مقدار میں چرس اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی پولیس کے مطابق ایس (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

ہدایت الرحمٰن سے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ملاقات

عوامی مسائل سے آگاہی اور ان کے حل کے لیے شہریوں سے مسلسل رابطہ ضروری ہے

گوادر (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی رہائش گاہ پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ملاقات کی اور انہیں اپنے مسائل، مشکلات اور عوامی نوعیت کے امور سے آگاہ کیا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے بزرگوں، نوجوانوں، بچوں اور دیگر شہریوں سے فرداً فرداً ملاقات کرتے ہوئے ان کے مسائل اور تجاویز سنیں اور مختلف امور پر گفتگو کی۔ شہریوں نے بنیادی سہولیات اور دیگر عوامی مسائل سے متعلق اپنی گزارشات پیش کیں اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ عوامی مسائل سے آگاہی اور ان کے حل کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

ایسوسی ایشن کے عہدیداروں اور ٹھیکیدار برادری کا دسواں اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر میر عبدالسلام لانگو کی زیر صدارت پیر کو ایسوسی ایشن کے عہدیداروں اور ٹھیکیدار برادری کا دسواں ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کوئٹہ میں موجود سیکرٹری اطلاعات سردار جان مندوخیل، (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

کوئٹہ، شہداء زیارت ایکشن کمیٹی کے مرکزی کمیٹی کے چیئرمین محمد نسیم کی قیادت میں وفد جمعیت نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، قاری مہر اللہ، سید عبدالستار شاہ چشتی اور دیگر سے ملاقات ہیں

چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون 2824878: فیکس: موبائل نمبر 03337867133: ای میل twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com